★★★ پاک سرزمین کا نظام ..... قوت اخوت عوام ★★★

ABC CERTIFIED DAILY QUWAT LAHORE

چیف ایڈیٹر میاں محمد فیاض لاہور

روزنامہ قوت

ایڈیٹر امداد اللہ قریشی

www.dailyquwat.com Email:dailyquwat786@gmail.com

جلد نمبر 15 | جمعرات 9 جمادی الثانی 1446ھ 12 دسمبر 2024ء 26 جگھر 2081ب (صفحات 8 قیمت 15 روپے) | شمارہ نمبر 57

اللہ ایک ہے تم فرماؤ وہ اللہ ہے وہ ایک ہے، اللہ بے نیاز ہے، نہ اس کی کوئی اولاد اور نہ وہ کسی سے پیدا ہوا اور نہ اس کے جوڑ کا کوئی (سورۃ اخلاص) (قرآنی آیات اور احادیث نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کا احترام ہم سب پر لازم ہے۔

چینی کمپنیوں کو پنجاب میں سرمایہ کاری پر ترجیحی سہولیات دی جائیں گی، نواز شریف

مریم نواز سے کیونٹ پارٹی آف چائنا کی شعبہ تنظیم کمیٹی کے ڈپٹی سیکریٹری زو زونگ منگ کی ملاقات، مریم نواز شریف نے پاکستانی طلبہ اور ماہرین کو ٹریننگ اور تعلیم کے مواقع فراہم کرنے پر شکریہ ادا کیا

عالمی سطح پر شعبہ تنظیم کا فعال اور تجارتی مرکز کے طور پر ابھرنا قابل تحسین ہے، آٹو موبائل، آئی ٹی، سیمی کنڈکٹر، روبوٹک و دیگر شعبوں میں شعبہ تنظیم کی کمپنیوں سے اشتراک کار چاہتے ہیں، وزیر اعلیٰ پنجاب

شعبہ تنظیم (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز کا کہنا ہے کہ حکومت پنجاب شعبہ تنظیم کے حکام کے ساتھ تعاون کرے گی، چینی کمپنیوں کو پنجاب میں سرمایہ کاری پر ترجیحی سہولیات دی جائیں گی، چینی کمپنیوں کو پنجاب میں سرمایہ کاری پر ترجیحی سہولیات دی جائیں گی۔

مریم نواز سے کیونٹ پارٹی آف چائنا کی شعبہ تنظیم کمیٹی کے ڈپٹی سیکریٹری زو زونگ منگ نے ملاقات کی۔ ڈپٹی سیکریٹری زو زونگ منگ نے پنجاب اور شعبہ تنظیم کے درمیان معاشی تعلقات مزید مستحکم کرنے کے عزم اور تجارت، سرمایہ کاری، تیاری۔ مریم نواز سے کیونٹ پارٹی آف چائنا کی شعبہ تنظیم کمیٹی کے ڈپٹی سیکریٹری زو زونگ منگ نے ملاقات کی۔ ڈپٹی سیکریٹری زو زونگ منگ نے صوبائی وزراء کا تعارف کرایا۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 1



وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف اور کمیونسٹ پارٹی آف چائنہ کی شعبہ تنظیم کمیٹی کے ڈپٹی سیکریٹری مسٹر زو زونگ منگ ملاقات کر رہے ہیں

حکومت نے مذاکرات نہ کیے تو 14 دسمبر سے سول نافرمانی کا اعلان ہوگا، شوکت یوسفزئی

مولانا فضل الرحمان کے ساتھ رابطے میں ہیں، بتا رہے ہیں حکومت کے خلاف مشترکہ تحریک چلائیں گے: اسد قیصر

پشاور (این این آئی) پی ٹی آئی کے رہنما شوکت یوسفزئی نے حکومت کو مذاکرات نہ کرنے کی صورت میں سول نافرمانی کی وارننگ دے دی۔ ایک بیان میں شوکت یوسفزئی نے کہا کہ حکومت نے مذاکرات نہ کیے تو 14 دسمبر سے

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 2

پاک آرمی اور چین کی جوائنٹ لبریشن آرمی کی سالانہ مشترکہ مشق وار ریئر VII

مشترکہ مشق 19 نومبر سے 11 دسمبر تک جاری رہی، آئی ایس پی آر

راولپنڈی (این این آئی) پاکستان آرمی اور چین کی جوائنٹ لبریشن آرمی کی مشترکہ مشق وار ریئر VII کا اختتام ہوگیا۔ آئی ایس پی آر کے مطابق پاک آرمی اور چین کی جوائنٹ لبریشن آرمی کی مشترکہ مشق 19 نومبر سے 11 دسمبر تک جاری رہیں۔ تین ہفتے تک

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 3

محسن نقوی کا دورہ ایف ایٹ اسلام آباد، تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا

انڈر پاس کو صرف 43 دن میں مکمل کرنے پر کنٹریکٹر، اسلام آباد انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہا اور کرنز کو شاباش دی

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی وزیر داخلہ محسن نقوی نے ایف ایٹ انٹرچینج پر انڈر پاس اور سریند چوک انٹرچینج پر فلائی اوور کا دورہ کیا اور تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا۔ محسن نقوی نے دونوں میگا پراجیکٹس پر تعمیراتی کاموں پر پیشرفت کا جائزہ لیا اور متعلقہ افسران سے ملاقات کی۔ انہوں نے انڈر پاس اور اوپن کی تعمیر کے کاموں کا مشاہدہ کیا۔ اس موقع پر محسن نقوی نے دونوں منصوبوں کی سائٹس پر کام کرنے والے کنٹریکٹر کے نمائندوں سے ملاقات کی اور کام کی رفتار پر اطمینان کا اظہار کیا۔ محسن نقوی نے انڈر پاس کو صرف 43 دن میں مکمل کرنے پر کنٹریکٹر، اسلام آباد انتظامیہ کی کارکردگی کو سراہا اور کرنز کو شاباش دی۔

باقی صفحہ 7 بقیہ نمبر 4

تحریک انصاف کا مذاکرات کیلئے مرحلہ وار سہ نکاتی ایجنڈا

پی ٹی آئی کی پانچ رکنی کمیٹی حکومتی کمیٹی سے مذاکرات کرے گی جس میں بیرسٹر گوہر، عمر ایوب، صاحبزادہ حامد رضا، اسد قیصر اور علی محمد خان شامل ہیں

ہمت کی فضا پیدا کرنے کے لیے پی ٹی آئی کی مذاکرات کی پیشکش قبول کی ہے، سیاست میں مذاکرات ہی آگے بڑھنے کا راستہ ہوتا ہے، انتشار نہیں، حکومتی ذرائع

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مذاکرات کیلئے حکومت سے خود رابطہ، پی ٹی آئی اپنے پہلگی مطالبات سے پیچھے ہٹی، پی ٹی آئی کورٹ نے پی ٹی آئی کی پانچ رکنی کمیٹی کو مذاکرات کرنے کی جس میں بیرسٹر گوہر، عمر ایوب، صاحبزادہ حامد رضا، اسد قیصر اور علی محمد خان شامل ہیں۔ سہ نکاتی ایجنڈا پر مذاکرات ہوں گے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کی کمیٹی کو مذاکرات کے آغاز کا امکان ہے۔ ذرائع کے مطابق پی ٹی آئی کی پانچ رکنی کمیٹی کو مذاکرات کرنے کی جس میں بیرسٹر گوہر، عمر ایوب، صاحبزادہ حامد رضا، اسد قیصر اور علی محمد خان شامل ہیں۔ سہ نکاتی ایجنڈا پر مذاکرات ہوں گ

روزنامہ قوت لاہور

سٹی نیوز

جی سی یونیورسٹی لاہور میں ہائیکنگ اینڈ ماؤنٹینیئرنگ کلب کے زیر اہتمام ورلڈ ماؤنٹین ڈے کی تقریب

لاہور (سٹاف رپورٹر) لاہور کے ہائیکنگ اینڈ ماؤنٹینیئرنگ کلب نے ورلڈ ماؤنٹین ڈے کے موقع پر ایک شاندار تقریب کا انعقاد کیا۔ تقریب کے مہمان خصوصی جی سی یونیورسٹی لاہور کے سابق طالبعلم اور ہائیکنگ اینڈ ماؤنٹینیئرنگ کلب کے سابق صدر کرنل (ر) ساجد بصیر شیخ تھے، جنہوں نے 1961-1962 میں کلب کی صدارت کی تھی۔ جی سی یونیورسٹی کے وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عرفان علی نے بھی تقریب میں خصوصی طور پر شرکت کی اور طلبہ کی سرگرمیوں کی بھرپور حوصلہ افزائی کی۔ تقریب کا آغاز کرنل (ر) ساجد بصیر شیخ اور ماحولیات کے تحفظ کے عہد کے ساتھ ہوا۔

ایڈوائزر سید یاسر حسنین کی جانب سے ورلڈ ماؤنٹین ڈے کا کیک کاٹنے سے ہوا۔ اس موقع پر وائس چانسلر پروفیسر ڈاکٹر عرفان علی نے اپنے خیالات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ "جی سی یونیورسٹی نہ صرف علمی ترقی کے لیے مشہور ہے بلکہ طلبہ کو غیر نصابی سرگرمیوں کے ذریعے متوازن شخصیت کی تعمیر کے مواقع بھی فراہم کرتی ہے۔ ہائیکنگ اور ماؤنٹینیئرنگ جیسی سرگرمیاں طلبہ کی جسمانی اور ذہنی صلاحیتوں کو جلا بخشتی ہیں۔" تقریب کا اختتام قوی نغمے اور ماحولیات کے تحفظ کے عہد کے ساتھ ہوا۔

ڈھوارگراں، کہو اور بارڈ یاریاز میں امن فرائض سرانجام دینے والے پولیس افسران وملازمان کیلئے بارڈ یار پارک الاؤنس کی منظوری

ڈی پی خان، بگرو اور میانوالی کے 162 افسران وملازمان کو 32 کروڑ 30 لاکھ اور 38 ہزار روپے ملیں گے، ترجمان پنجاب پولیس

لاہور (کرائم رپورٹر) آئی جی پنجاب ڈاکٹر عثمان انور کی جانب سے ڈھوارگراں، کہو اور بارڈ یاریاز میں فرائض سرانجام دینے والے پولیس افسران وملازمان کے لئے بارڈ یار پارک الاؤنس کی منظوری دے دی گئی۔ ترجمان پنجاب پولیس کے مطابق ڈی جی خان، بگرو اور میانوالی کے بارڈ یاریاز میں تعینات ملازمان کیلئے بارڈ یار پارک الاؤنس کی منظوری دی گئی جو مجموعی طور پر 1162 افسران و ملازمان کو 32 کروڑ 30 لاکھ 38 ہزار روپے ملیں گے۔ ترجمان کے مطابق ڈی جی خان پولیس کے 565 افسران و ملازمان کیلئے 13 کروڑ 89 لاکھ، بگرو پولیس کے 134 افسران و ملازمان کیلئے 03 کروڑ 33 لاکھ 12 ہزار، میانوالی پولیس کے 562 افسران و ملازمان کیلئے 15 کروڑ 08 لاکھ 26 ہزار روپے کی منظوری دی گئی ہے۔ ڈی پی او 40 ہزار اور پراسیکیوشن کے 25 ہزار روپے ماہانہ ملیں گے، لوئر آرڈر اہلکاروں کو 20 ہزار جبکہ کلرکس اور ڈرائیورز کو 18 ہزار روپے ماہانہ ملیں گے۔ آئی جی پنجاب نے کہا کہ بارڈ یار پارک الاؤنس سے ڈھوارگراں ملازمین میں تعینات پولیس فورس کے مورال میں اضافہ ہوگا۔



مرکزی مسلم لیگ کے نئے عہدیداران میں صدر انجینئر عادل طیفی، نائب صدر محمود حسن ودیگر دیکھے جا سکتے ہیں

ہماری جہدوجہد آزاد، خودمختار اور خوشحال پاکستان کے لیے ہے، مرکزی مسلم لیگ

جنرل سیکرٹری لاہور و اہم رکنیت سازی کے حوالے سے جامع پلان پیش کرتے ہوئے کہا کہ ہماری کوشش آزاد، خودمختار اور خوشحال پاکستان کے لیے ہے۔ انہوں نے کہا کہ داخلی اور کرپشن کے کوکھلا کرکے رکھ دیا۔ تبدیلی اور کرپشن کے خاتمے کا نعرہ لگانے والے لوگوں نے بھی ماضی ترین لوگوں کو اہم ترین ذمہ داریاں دے کر کرپشن کی داستان رقم کی ہیں۔ نائب صدر انجینئر محمود حسن نے کہا کہ ہم کارکن کو انتخاب کا اختیار دے کر ملک بنیاد رکھنا چاہتے ہیں جو کہ کوسے کر آگے بڑھ سکے۔ اجلاس میں پارٹی عہدیداران نے کارکنان کو رکنیت سازی اور عوامی رابطہ مہم کو تیز کرنے کا فیصلہ کیا۔

لاہور (خبر نگار) پاکستان مرکزی مسلم لیگ لاہور کے صدر انجینئر عادل طیفی کی زیر صدارت پارٹی کے تنظیمی اجلاس کا انعقاد کیا گیا۔ اجلاس کے مطابق تنظیمی اجلاس میں جنرل سیکرٹری لاہور ڈاکٹر وسیم اقبال باجی، نائب صدر انجینئر محمود حسن، خواجہ سلیم، سیکرٹری مالیات چوہدری شفیع صداقت، سابقہ پارٹی امیدوار مرحومہ عائشہ صدیقہ، سابقہ پارٹی امیدوار محمد اسلم گھمن، سابقہ ضلعی صدر لاہور ڈاکٹر ندیم عباس، ضلعی سیکرٹری جنرل شیخ محمد ریاض، ضلعی سیکرٹری جنرل سید محمد ابرار نقوی، ضلعی سیکرٹری جنرل شیخ محمد صداقت، سابقہ پارٹی امیدوار مرحومہ عائشہ صدیقہ سید نوید حسین شاہ، سابقہ پارٹی امیدوار محمد اسلم گھمن، سابقہ ضلعی صدر لاہور ڈاکٹر ندیم عباس

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
چیف ایڈیٹر
میاں محمد فیاض
روزنامہ قوت لاہور
"روزنامہ قوت لاہور" (3) 12 دسمبر 2024ء

شفاف اور مقررہ مدت پر انتخابات کا انعقاد ہوگا، عبدالرحمن

پریس کلب نے رواں سال کئی اہم کامیابیاں حاصل کیں، جن میں تزئین و آرائش کے منصوبے اور خواتین صحافیوں کے لیے "خواتین لاؤنج" کی تکمیل شامل ہیں، کارکردگی جائزہ اجلاس میں عہدیداران کی گفتگو



فیصل آباد (میاں محمد ساجد) فیصل آباد پریس کلب کا کابینہ اجلاس: کارکردگی کا جائزہ اور کامیابیوں کا اعتراف۔ فیصل آباد پریس کلب کی کابینہ کا اہم اجلاس صدر عبدالرحمن کی زیر صدارت منعقد ہوا، جس میں سال بھر کی کارکردگی کا جائزہ لیا گیا۔ اجلاس میں گروپ لیڈر شاہد علی نے خصوصی شرکت کی اور کابینہ کی شاندار کارکردگی کو سراہا۔ صدر عبدالرحمن نے کہا کہ پریس کلب نے رواں سال کئی اہم کامیابیاں حاصل کیں، جن میں تزئین و آرائش کے منصوبے اور خواتین صحافیوں کے لیے "خواتین لاؤنج" کی تکمیل شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ خواتین لاؤنج کا دیرینہ مطالبہ پورا کرنا ایک بڑی کامیابی ہے اور کابینہ کے تمام اراکین مبارکباد کے مستحق ہیں۔ سیکرٹری میاں کاشف فرید نے اجلاس کو آگاہ کیا کہ ممبران کی انشورنس کا عمل مکمل کرلیا گیا ہے، اور پریس کلب انسٹیٹیوٹ میں فری لانسنگ اور دیگر کورسز کا پہلا بیچ کامیابی سے اپنی تربیت مکمل کر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 15 دسمبر کو خصوصی تقریب میں انشورنس کے دستاویزات ممبران کو دیے جائیں گے، جبکہ کورس مکمل کرنے والے طلباء میں اسناد تقسیم کی جائیں گی۔ گروپ لیڈر شاہد علی نے کابینہ کی محنت اور لگن کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے پورے سال بھرپور کارکردگی کا مظاہرہ کیا ہے۔ انہوں نے صحافی کالونی کے منصوبے پر ہونے والی پیش رفت کو بھی سراہا اور کہا کہ آئندہ کابینہ کے لیے یہ منصوبہ اولین ترجیح ہونا چاہیے۔ چیئرمین الیکشن فیصل بشیر اعجاز نے اجلاس کے دوران یقین دلایا کہ آئندہ انتخابات ہمیشہ کی طرح شفاف اور مقررہ وقت پر منعقد کیے جائیں گے۔ اجلاس میں سینئر نائب صدر شوکت علی وٹو، نائب صدر میاں منور اقبال، فنانس سیکرٹری رانا محسن فاروق، انفارمیشن سیکرٹری افشاں بتول اور ایگزیکٹو ممبران جن میں رانا حنا، جمیل شاہد، محمود توفیق، یوسف اعظم، نیازی قمر عباس، ندیم جاودانی، جاوید مہیس، آصف سخی، رضوان صابری اور علی رضا ملک شامل تھے، نے بھی شرکت کی۔

شیخوپورہ: 11 ماہ میں پولیس تحفظ مرکز نے 5 ہزار 704 افراد کی داد رسی کی

ٹرانسجینڈرز، لاپتہ بچے، گھریلو تشدد کی شکار خواتین و دیگر افراد شامل ہیں، یکم جنوری سے 30 نومبر تک 89 ٹرانسجینڈرز کو درپیش مختلف مسائل حل کیے

ڈی پی او کی طرف سے 20 ٹرانسجینڈرز کو راشن دیا گیا، 55 لاپتہ ولاوارث بچوں میں سے 39 بچوں کو انکے گھروں میں پہنچایا گیا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) پولیس تحفظ مرکز نے گزشتہ 11 ماہ کے دوران 5704 افراد کی داد رسی کی ہے جن میں ٹرانسجینڈرز، لاپتہ بچے، گھریلو تشدد کی شکار خواتین و دیگر افراد شامل ہیں، یکم جنوری سے 30 نومبر تک 89 ٹرانسجینڈرز کو درپیش مختلف مسائل حل کیے گئے اور ایک کی ایف آئی آر درج کروائی جبکہ ڈی پی او کی طرف سے 20 ٹرانسجینڈرز کو راشن دیا گیا، 55 لاپتہ و لاوارث بچوں میں سے 39 بچوں کو انکے گھروں میں پہنچایا گیا 15 کو چائلڈ بیورو اور 1 ایک کو فلاحی ادارہ کے سپرد کیا گیا، 39 معذور بچے پولیس تحفظ مرکز لائے گئے جنہیں اسپیشل سکول میں داخل کروایا گیا جبکہ 25 غریب گھرانوں کے بچوں کو سرکاری اسکولز میں داخلہ دلوانے سمیت 23 بھیک مانگنے والے بچوں کو بھی سکولز بھجوایا گیا، 82 نشہ کے عادی افراد کا مختلف ہسپتالوں سے علاج معالجہ یقینی بنا کر نشہ کی لعنت سے چھٹکارا دلایا گیا، 41 معذور افراد کو درپیش مختلف مسائل حل کیے گئے، گھریلو تنازعات کی شکار 404 خواتین نے پولیس تحفظ مرکز سے رجوع کیا جن میں سے 366 خواتین کی صلح کروائی اور 38 کے مقدمات درج کروائے گئے، 115 گمشدہ افراد کی رپورٹس درج کر کے تلاش کیلئے اقدامات اٹھائے گئے، 719 افراد کو کریکٹر سرٹیفکیٹس کا اجراء کیا گیا۔

دمشق شام میں چنیوٹ سے گئے ہوئے زائرین ہوٹلوں میں محصور، وزیراعظم پاکستان سے مدد کی اپیل



چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) دمشق شام میں چنیوٹ سے گئے ہوئے زائرین ہوٹلوں میں محصور وزیر اعظم پاکستان سے مدد کی اپیل تفصیلات کے مطابق چنیوٹ ضلع سے گئے ہوئے متعدد زائرین شام میں پھنس گئے سید محسن رضا زیدی نے دمشق سے ویڈیو پیغام جاری کرتے ہوئے صدر پاکستان آصف علی زرداری وزیر اعظم پاکستان میاں محمد شہباز شریف سے مدد کی اپیل کرتے ہوئے کہا ہے کہ ایک ہفتے سے شام میں پھنسے ہوئے ہیں یہاں کے حالات انتہائی خراب ہیں قتل و غارت اور لوٹ مار کا سلسلہ جاری ہے چنیوٹ سے تعلق رکھنے والی سبھی فیملیز شام میں پھنسی ہوئی ہیں لہذا اعلی سفارتی تعلقات استعمال کرتے ہوئے ہمیں بحفاظت وہاں سے نکالا جائے ہم انتہائی پریشانی کے عالم میں ہیں

رائل بلاک معراج ہاؤسنگ کا جدید ترین بلاک ہے، امتیاز علی وریاہ

جدید ترین سہولیات و فول پروف سیکیورٹی 6 سالہ پلان میں موجود ہیں، بلال احمد باجوہ

سیالکوٹ (خواجہ عامر جاوید سے) رائل بلاک معراج ہاؤسنگ کا سب سے منفرد اور جدید ترین بلاک متعارف کرانے جا رہے ہیں جو موجودہ میں کم خرچ بالا نشین کے مترادف ہے۔ رائل بلاک اپنی بہترین لوکیشن و جدید خصوصیات میں بے مثال ہے جہاں ریجن کا پہلا سپلیش پارک و وارٹر پارک موجود ہے تعلیم کے لئے جدید اسکول، صحت کے لیے معیاری اسپتال اور کمرشل سرگرمیوں کے لیے بہترین مواقع دستیاب جو معزز کرم فرماؤں کو بہترین پلان میں پوزیشن کے ساتھ آن گراؤنڈ دستیاب ہونگے۔ ان باتوں کا اظہار معروف رئیل اسٹیٹ بزنس مین چوہدری امتیاز علی وریاہ و بلال احمد باجوہ نے میڈیا کیساتھ گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ایک سوال کے جواب میں انہوں نے کہا کہ 6 سالہ پلان معزز ڈیلرز، انویسٹرز کیلئے بہترین بزنس پلان متکمل سہولیات کیساتھ رائل بلاک کی انفرادیت ہے اپنی فول پروف سیکیورٹی باؤنڈری وال کیساتھ 24/7 فراہم کرے گا۔ خوبصورت مساجد اور دیگر تمام بنیادی سہولیات رائل بلاک کو واقعی ایک خواب جیسا مسکن بناتی ہیں۔

سابقہ صدر سیالکوٹ بار خواجہ اویس مشتاق دیرینہ دوست ہیں۔ محمد خالد وسیم

قانون کی بالادستی کیلئے اقدامات وقت کی ضرورت ہیں۔ سنئیر وکیل رہنما



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) سنیئر ممبر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے سابق صدر ڈسٹرکٹ بار ایسوسی ایشن سیالکوٹ خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ سپریم کورٹ آف پاکستان کے اعزاز میں پرتکلف ناشتے کا اہتمام کیا۔ فرزند سیالکوٹ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے اپنے دیرینہ دوست اور سابق صدر ماڈل ٹاؤن کوآپریٹو سوسائٹی سجاول علی وسیم ایڈووکیٹ نے اپنے استاد محترم خواجہ اویس مشتاق ایڈووکیٹ کی آمد کے موقع پر وکلاء کے ہمراہ ان کا والہانہ استقبال کیا ناشتے کی اس تقریب میں وکلاء کی بڑی تعداد نے شرکت کی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ قانون کی بالادستی کے لیے اقدام وقت کی اہم ترین ضرورت ہے وکلاء کے حقوق کے تحفظ کے لیے کام کرنے والے ہمارے ماتھے کا جھومر ہیں وکلاء کی حقوق کی بحالی کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لانے کی ضرورت ہے خالد وسیم نے کہا کہ تمام ادارے ہمارے ہیں تمام اداروں کو اپنی اپنی حدود میں رہ کر کام کرنا چاہیے پاکستان کی سالمیت ہماری اولین ترجیحات ہیں پاکستان کی تعمیر و ترقی کے لیے ہر فرد اپنا کردار ادا کرے گا تب ہی خوشحالی کا بول بالا ہوگا پاکستان اس وقت بے شمار چیلنجز سے دوچار ہے ان چیلنجز کے خاتمے کے لیے اتحاد پیار، محبت اور بھائی چارے کی فضا کو فروغ دینے کی ضرورت ہے بطور پاکستانی تمام افراد کو اپنی اپنی ذمہ داریوں کو قبول کرتے ہوئے پاکستان کی تعمیر و ترقی کے لیے اپنا اپنا کردار ادا کرنا ہوگا۔

تعلیم یا علم کے بل بوتے پر ہم کامیاب نسل بنا سکتے ہیں، پروفیسر ارشد بخاری

تعلیم دراصل معلومات کے ایسے مجموعے کا نام ہے جو انسان کے انفرادی تجربات سے منزہ ہو



وزیر آباد (نامہ نگار) تعلیم و تربیت اور علم و عمل ہمارا مطمع نظر ہونا چاہیے نہ کہ صرف تعلیم یا علم کے بل بوتے پر ہم کامیاب نسل بنا سکتے ہیں ان خیالات کا اظہار نئے تعینات ہونے والے پرنسپل مولانا ظفر علی خان پوسٹ گریجویٹ کالج پروفیسر ارشد بخاری نے پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن کے وفد میں شامل نجی شعبہ کے اساتذہ حاجی مراد بھٹی، سر فیاض احمد اور صابر حسین بٹ سے ملاقات کے موقع پر گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ تعلیم کے ساتھ تربیت اور علم کے ساتھ عمل لازم ہو تعلیم دراصل معلومات کے ایسے مجموعے کا نام ہے جو انسان کے انفرادی تجربات سے منزہ ہو، اگر انسان خود عمل کر کے نتائج حاصل کرلے تو وہ عالم کہلاتا ہے۔ معلومات کے اجتماع کے حامل کو عالم نہیں کہا جا سکتا، پس خالص علم عامہ کے لئے ضروری نہیں جس قدر کہ تعلیم ضروری ہے کیونکہ ہر انسان کو ہر قسم کے تجربات کی بھٹی سے نہیں گزارا جا سکتا۔ اس لئے اسے دوسروں کے تجربات کا خلاصہ دے دیا جاتا ہے تاکہ وہ اپنے روپے کو مزین کرلے۔ پاکستان چیمبر آف ایجوکیشن کے حاجی مراد بھٹی، محمد فیاض، صابر حسین بٹ نے پروفیسر ارشد بخاری کو پرنسپل، پروفیسر عاصم علی کو وائس پرنسپل، پروفیسر ولید احمد ملک کو چیف پراکٹر کا چارج سنبھالنے پر مبارکباد پیش کی اور گلدستہ پیش کیا اس موقع پر پروفیسر محمد لیاقت نذیر، پروفیسر سید جنید الحسن بخاری، پروفیسر حامد الرحمان بھی موجود تھے۔

بزرگ محنت کشوں کا احساس احترام آدمیت ہے۔ طاہر مجید کپور



ہر مذہب احترام انسانیت کا درس دیتا ہے اور لاچاروں کی چارہ جوئی و پریشان مخلوق کیساتھ صلہ رحمی کرنا اللہ کے پیارے رسول اللہ صلی اللہ علیہ والہ وسلم کا فرمان ہے۔ آج پاکستانی معاشرے کا عمومی رویہ یہ بن چکا ہے کہ خرافات و بے سروپا روایات میں اصراف کیا جاتا ہے جبکہ بزرگ و پریشان حال مخلوق کیساتھ ریٹ کم کرانے کیلئے ایڑھی چوٹی کا زور لگایا جاتا ہے۔ ان باتوں کا اظہار معروف بزنس ٹائیکون و سابق صدر سیالکوٹ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری طاہر مجید کپور نے ایک فکری نشست میں کیا۔

ملک کی تعمیر و ترقی میں طلباء کا کردار ہمیشہ مثالی رہا ہے، زاہد عمران کوٹہ



نارنگ منڈی (میاں معظم سے) جماعت اسلامی طلباء کو بھرپور طریقے سے سپورٹ کر رہی ہے ملک کی تعمیر و ترقی میں طلباء کا کردار ہمیشہ مثالی رہا ہے یہ ٹیکنالوجی میں جدت اور معیشت کی بحالی کیلئے اہم کردار ادا کر سکتے ہیں انہیں سپورٹ کرنے کی ضرورت ہے ان خیالات کا اظہار جماعت اسلامی کے ضلعی صدر زاہد عمران کوروٹانہ نے گفتگو کرتے ہوئے کیا انہوں نے مزید کہا کہ حکومت معیشت کی بحالی میں ناکام رہی ہے زراعت کی تباہی سے مزید زوال آئے گا جماعت اسلامی واحد جماعت ہے جس نے سود کے خلاف آواز بلند کی اس کے خاتمے تک معیشت کی بحالی ممکن نہیں ہے ہمیں اپنی معیشت سے سود کا خاتمہ کر کے سرکاری سطح پر اس کا سدباب کرنا ہوگا سود سے معاشی معاشرتی اور اقتصادی زوال آچکا ہے۔

اوکاڑہ ایڈووکیٹ مہر سلمان امداد فائرنگ کے نتیجہ میں جاں بحق



اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) اوکاڑہ ایڈووکیٹ مہر سلمان امداد فائرنگ کے نتیجہ میں جاں بحق، قتل کے خلاف وکلا نے ہڑتال کر دی۔ اوکاڑہ کے نواحی علاقے کوہلہ میں ایڈووکیٹ مہر سلمان امداد کو فائرنگ کر کے قتل کر دیا گیا۔ مقتول اپنے ڈیرے پر موجود تھے جب مبشر اور اس کے ساتھیوں نے اچانک حملہ کیا اور فائرنگ کر دی، جس سے وہ موقع پر ہی جاں بحق ہو گئے۔ پولیس کے مطابق مقتول کے بھائی امداد اللہ کی مدعیت میں تھانہ راوی میں چار نامزد اور ایک نامعلوم ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ پولیس کا کہنا ہے کہ قتل کی وجہ چند روز قبل ہونے والا معمولی جھگڑا ہے ملزمان فائرنگ کے بعد اسلحہ لہراتے ہوئے فرار ہو گئے پولیس نے مقتول کی لاش کو پوسٹ مارٹم کے لیے ڈسٹرکٹ ہسپتال منتقل کر دیا ہے اور ملزمان کی گرفتاری کے لیے چھاپے مارے جا رہے ہیں، تاہم تا حال کوئی گرفتاری عمل میں نہیں آ سکی۔ مہر سلمان سیال ایڈووکیٹ کے قتل کے خلاف ڈسٹرکٹ بار اوکاڑہ میں مکمل ہڑتال کی گئی ہے۔ وکلا عدالتوں میں پیش نہیں ہو رہے، جس سے سائلین کو مشکلات کا سامنا ہے ڈسٹرکٹ بار کے صدر اور جنرل سیکرٹری نے ڈی پی او اوکاڑہ سے فوری کارروائی اور ملزمان کی گرفتاری کا مطالبہ کیا ہے پولیس کا کہنا ہے کہ ملزمان کو جلد گرفتار کر کے قانون کے مطابق کارروائی کی جائے گی۔

جماعت اہلسنت کے ضلعی امیر علامہ فیصل ندیم کیلانی کا ضلع بھر کا دورہ

حافظ آباد (رانا طارق محمود) جماعت اہلسنت کے ضلعی امیر علامہ فیصل ندیم کیلانی کا ضلع بھر کا دورہ۔ متعدد علاقوں کی تنظیموں کی کارکردگی کا جائزہ لیتے ہوئے بعض یونٹوں کی تنظیم سازی کر کے وہاں پر عہدیداران کو نامزد کر دیا گیا۔ تفصیلات کے مطابق علامہ فیصل ندیم کیلانی نے سرپرست اعلیٰ علامہ احمد سعید سیال ناظم تعلیم و تبلیغ علامہ مفتی حبیب اللہ جلالی، ناظم صوفی اخلاق احمد رضوی اور ضلعی آرگنائزر علامہ رضا مدنی کے ہمراہ مختلف مقامات کا دورہ کیا جہاں انہوں نے مولانا نعمان اکبر کو شکھیکی کا امیر، مولانا عطاء الرضا رضوی کو کالیکی یونٹ کا امیر نامزد کیا اور اس دوران انہوں نے پنڈی بھٹیاں تحصیل کے امیر مولانا نور حیات جلالی اور ناظم علامہ شاہد چشتی سے سالانہ کارکردگی رپورٹ لی جبکہ حافظ آباد شہر میں آرگنائزر علامہ اجمل چشتی اور امیر سید حامد علی شاہ گیلانی سے 2024ء کی سالانہ رپورٹ لی

شیخوپورہ میں نئے چیف ایگزیکٹو آفیسر (ایجوکیشن) کی تعیناتی

نعیم عباس رانا کو سی ای او (ایجوکیشن)، فضل الٰہی کو ڈی۔ای۔او (سیکنڈری) اور رانا بختیار احمد کو ڈی۔ای۔او (ایلیمنٹری) تعینات کر دیا گیا



شیخوپورہ (نامہ نگار) حکومت پنجاب سکول ایجوکیشن ڈیپارٹمنٹ نے شیخوپورہ میں نعیم عباس رانا کو سی ای او (ایجوکیشن)، فضل الٰہی کو ڈی۔ای۔او (سیکنڈری) اور رانا بختیار احمد کو ڈی۔ای۔او (ایلیمنٹری) مقرر کیا ہے۔ ان کی اس تعیناتی پر سکول سربراہان، دفتری عملہ اساتذہ اور صحافی برادری نے مبارکباد دی ہے۔ اس موقع پر محمد اعظم بھٹی، ڈاکٹر عبدالقیوم خان سی۔ای۔او (ایجوکیشن) ننکانہ صاحب، رشید احمد، ڈاکٹر شفقت نعیم، محمد ریاض، نعیم مغل، خورشید احمد مبشر احمد، جاوید اقبال کھوکھر، ازور بھٹی اور طارق سعید نے نعیم عباس رانا، فضل الٰہی اور بختیار احمد رانا کو پھولوں کے گلدستے دیئے اور مبارکباد دی۔ نیز تمام شرکاء میں مٹھائی تقسیم کی گئی۔ یہ بات قابل ذکر ہے کہ نعیم عباس رانا ایک تجربہ کار ماہر تعلیم ہیں اور قائدانہ صلاحیتوں کے مالک ہیں۔ ان کی سرپرستی میں شیخوپورہ میں تعلیم کا معیار بہتر ہوگا۔

سائرہ افضل تارڑ نے چیف منسٹر کو آرڈیننٹر برائے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کا عہدہ سنبھال کر کام شروع کر دیا



حافظ آباد (رانا طارق محمود) سابق وفاقی وزیر سائرہ افضل تارڑ نے چیف منسٹر کو آرڈیننٹر برائے پاپولیشن ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ کا عہدہ سنبھال کر اپنی تفویض کردہ ذمہ داریاں شروع کر دیں۔ صوبائی دفتر پہنچنے پر کو آرڈیننٹر سائرہ افضل تارڑ کا سیکرٹری پاپولیشن ویلفیئر میڈم نادیہ ثاقب، ڈائریکٹر جنرل پنجاب میڈم ثمن رائے اور دیگر افسران نے انکا فقید المثال استقبال کیا۔ کو آرڈیننٹر برائے پاپولیشن ویلفیئر سائرہ افضل تارڑ کی زیر صدارت صوبائی افسران کا اجلاس منعقد ہوا۔ جس میں صوبائی سیکرٹری اور ڈائریکٹر جنرل نے انہیں محکمانہ کارکردگی اور دیگر منصوبوں بارے تفصیلی بریفنگ دی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے سائرہ افضل تارڑ کا کہنا تھا کہ آبادی پر قابو پانے اور اس حوالے سے عوام میں شعور اور آگاہی کیلئے محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کی مجموع کار کردگی مثالی ہے۔ بچوں کی پیدائش میں مناسب وقفہ اور آبادی پر قابو پانے سے معاشی معیشت اور ترقی کا سفر بہتر انداز میں ممکن بنایا جا سکتا ہے۔ انکا کہنا تھا کہ وہ خود تمام اضلاع میں جا کر محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کی ضلعی سطح پر کارکردگی کا جائزہ لیں گی۔ میڈم سائرہ افضل تارڑ کا کہنا تھا کہ وزیر اعلیٰ پنجاب صوبہ بھر کی طرح محکمہ پاپولیشن ویلفیئر کی بہتری کیلئے بھرپور اقدامات کا ارادہ رکھتی ہیں کیونکہ ملک میں تیزی سے بڑھتی ہوئی آبادی کئی معاشی اور معاشرتی مسائل کا سبب بھی بن رہی ہے۔ اس لیے ہم سب کو آبادی پر قابو پانے کیلئے حکومتی اداروں سے تعاون، ڈاکٹروں اور طبی ماہرین کے مشورہ جات پر عمل کرنا ہوگا۔ اس سلسلہ میں وفاقی علمائے کرام میڈیا کے نمائندوں اور دیگر سرکردہ افراد سے ملکر ایک اجتماعی کاوش اور مہم شروع کی جائیگی۔

قلعہ احمد آباد صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کی ناقص صورتحال

صفائی کمپنی وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی صاف ستھرا پنجاب کے احکامات کی دھجیاں بکھیر دیں

قلعہ احمد آباد (نمائندہ خصوصی) قلعہ احمد آباد صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کی ناقص صورتحال سیالکوٹ ویسٹ مینجمنٹ کمپنی اور بلدیہ احمد آباد نے وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز کی صاف ستھرا پنجاب کے احکامات کی دھجیاں بکھیر دیں گوتمنٹ بوائز ہائی سکول احمد آباد سمیت نو نارروڈ محلہ ملوکہ حاجی پورہ تھانہ روڈ محلہ غوثیہ نگر کی گلیاں اور مین روڈ جگہ جگہ گندگی اور غلاظت کے ڈھیر اور ابلتے ہوئے گٹروں اور سیوریج کا گندا بدبودار پانی گلیوں میں کھڑا رہنا معمول بن گیا جس سے علاقہ مکینوں کی جگہ جگہ غلاظت سے بھرے گندگی کے ڈھیر اور سیوریج اور گٹروں کے بدبودار پانی کھڑا رہنے سے تعفن زدہ ماحول سے علاقہ مکینوں کی زندگی اجیرن بن گئی بلدیہ احمد آباد کے انڈر آنے والے مین نالے سالوں سے بند پڑے ہیں جن کی صفائی نا گزیر ہو چکی بلدیہ احمد آباد مکمل خاموش تماشائی شہر کے گلی محلوں کی صفائی ستھرائی کی ذمہ داری چار مہینوں میں تقسیم کردی گئی جس کی ذمہ داری ویسٹ مینجمنٹ کمپنی کے انڈر سپروائزر کی نگرانی میں سینٹری ورکرز محنت اور لگن سے کام کرینگے مگر پھر بھی کوئی بہتری نظر نہیں آئی سینٹری ورکرز گلیوں میں جا کر اہل محلہ سے صفائی ستھرائی والے مطلوبہ اوزار اور سٹاف کے نہ ہونے کی کہانیاں سنا کر آرام کرنے میں مصروف فزشی فوٹو سیشن سے اعلیٰ حکام کو سب اچھا کی رپورٹ کیونکہ انکا کہنا ہے نالیوں سے کچرہ، گاد نکالنے والا مشینری کمپنی نے مکمل سامان فراہم نہیں کیا عوام کا کہنا ہے صفائی کیلئے مقرر کردہ ٹیموں کی نگرانی نہیں کی تو گندگی کا ڈھیر لگا رہیگا مزید اعلیٰ حکام سے گزارش ہے اس بگڑتی صورتحال میں بلدیہ کے انڈر بند نالوں کی صفائی کے بارے میں اہلیان قلعہ احمد آباد نے متعدد بار سماجی اور صحافتی حلقوں کی طرف سے تحریری درخواستوں الیکٹرانک اور پرنٹ میڈیا کے ذریعے ڈپٹی کمشنر کے آفیشل سوشل میڈیا پیجز کے ذریعے موجودہ اور سابقہ ڈپٹی کمشنرز اور موجودہ اور سابقہ اسسٹنٹ کمشنرز نارووال سی او ڈسٹرکٹ کونسل نارووال کے نوٹس میں لائے جانے کے باوجود چشم پوشی اختیار کیے ہوئے ہیں اہلیان قلعہ احمد آباد نے اس بگڑتی ہوئی صورتحال پر وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز، صوبائی وزیر ڈسپوزل آفیسر بلال اکبر خان، وفاقی وزیر پلاننگ اینڈ ڈویلپمنٹ احسن اقبال سے عامر علی شاہ گیلانی سے 2024ء کی سالانہ رپورٹ لی

ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ بل عدم ادائیگی پر بجلی کی سپلائی معطل

ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ کی انتظامیہ نے بجلی کا 7 کروڑ 24 لاکھ روپے بل ادا نہیں کیا جس پر محکمہ واپڈا نے ہسپتال سمیت دیگر ہیلتھ دفاتر کی بجلی کے کنکشن بھی منقطع کر دیئے، دور دراز سے آئے مریضوں کو پریشانی کا سامنا

شیخوپورہ (بیورو رپورٹ) ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ کا کروڑوں روپے بجلی کا بل ادا نہ کرنے پر ڈسٹرکٹ ہسپتال سمیت سی ای او ہیلتھ آفس اور اس سے ملحقہ ڈپٹی ہیلتھ آفیسر کے دفاتر کی بجلی کی سپلائی کاٹ دی گئی ذرائع کے مطابق چیف ایگزیکٹو ہیلتھ آفس سمیت ڈپٹی ہیلتھ آفیسرز آفس کے بجلی کے موجودہ بل ادا ہو چکے ہیں مگر ڈی ایچ کیو ہسپتال شیخوپورہ کی انتظامیہ نے بجلی کا 7 کروڑ 24 لاکھ روپے بل ادا نہیں کیا جس پر محکمہ واپڈا نے ہسپتال سمیت دیگر ہیلتھ دفاتر کی بجلی کے کنکشن بھی منقطع کر دیئے ہیں جس کی وجہ سے جہاں دور دراز سے آنے والے مریضوں کو پریشانی کا سامنا ہے وہاں بجلی نہ ہونے کی وجہ سے سی ای او ہیلتھ آفس میں کام کرنے والے ملازمین کو بھی شدید دشواری کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے جبکہ بجلی نہ ہونے کی وجہ سے او پی ڈی اور ایمرجنسی میں انتہائی نگہداشت کے مریضوں کو آکسیجن بھی نہیں مل رہی تاہم ڈسٹرکٹ ہسپتال میں کروڑوں روپے کے فنڈز تو ہیں مگر انھیں ریلیز کرنے کیلئے ڈپٹی کمشنر کی اجازت لینا پڑتی ہے حالانکہ سی ای او ہیلتھ آفس میں پنجاب حکومت نے ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ بجٹ اینڈ اکاونٹس بھی تعینات کر رکھا ہے مگر اسکے پاس صوابدیدی اختیار نہیں ہے جس پر سی ای او ہیلتھ آفس کے ملازمین اور شہریوں نے وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز وزیر صحت اور ڈپٹی کمشنر شیخوپورہ شاہد عمران مارتھ سے اپیل کی کہ محکمہ ہیلتھ میں تعینات ڈپٹی ڈائریکٹر ہیلتھ کو اختیارات دیں تاکہ وہ فنڈز ریلیز کر کے ڈی ایچ کیو ہسپتال کے ذمہ بجلی کے بل فوری ادا کروا کبڑی ایچ کیو ہسپتال سمیت محکمہ ہیلتھ کے دیگر دفاتر کی بجلی بحال کروا سکیں۔

ہر فرد پر لازم ہے بلاتحقیق کوئی پوسٹ شیئر نہ کرے، ڈاکٹر جاوید اختر



ساہیوال (مہر اے ڈی سیم سہراسے) واٹس چیلسلر یونیورسٹی آف ساہیوال پروفیسر ڈاکٹر جاوید اختر نے کہا ہے کہ سوشل میڈیا کے اس دور میں ہر فرد پر لازم ہے کہ وہ کوئی بھی بات تحقیق کے بغیر دوسرے سے شیئر نہ کرے کیونکہ فیک نیوز نہ صرف معاشرے میں انتشار کا باعث ہے بلکہ اس سے انسانی شخصیت پر بھی برے اثرات مرتب ہو رہے ہیں۔ عام انسان بلا سوچ سمجھے فرقہ وارانہ پوسٹ کو بھی فارورڈ کر رہا ہے جس سے منافرت اور نفرت کو فروغ مل رہا ہے۔ وہ یہاں فیک نیوز کے معاشرے پر اثرات اور اس سے بچاؤ بارے ایک سیمینار سے خطاب کر رہے تھے جس میں معروف اینکر پرسن اجمل جامی نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی۔ اس موقع پر ایڈیشنل رجسٹرار سید اصغر علی شاہ، کنٹرولر امتحانات مبشر سعید اور ڈاکٹر محمد ایوب نے بھی شرکت کی۔ انہوں نے نوجوان نسل خصوصاً طلبہ و طالبات پر زور دیا کہ وہ فیک نیوز کا تدارک اپنی قومی ذمہ داری سمجھ کر کریں اور جھوٹ کے پھیلاؤ میں معاون نہ بنیں۔

فارم 47 کے زریعے اقتدار میں آنے والوں کا جلد سورج غروب ہونے والا ہے، حافظ سعد رضوی



گوجرانوالہ (رانا تفر اقبال قوت بیورو) سربراہ تحریک لبیک پاکستان حافظ سعد رضوی نے کہا ہے کہ مسلط شدہ فارم 47 کے زریعے اقتدار میں آنے والوں کا جلد سورج غروب ہونے والا ہے، شہباز شریف کے مہنگائی میں کمی اور معیشت میں بہتری کے دعوے زمینی حقائق کے برعکس ہیں، اگر حکومتی دعوے حقائق پر مبنی ہیں تو عوام کو اس کے ثمرات کیوں نہیں مل رہے؟ معاشی اشاریے، مثبت شماروں پر قابو، زرمبادلہ اور برآمدات میں اضافے کے باوجود مہنگائی میں رتی بھر کمی نہیں ہوئی۔ انہوں نے کہا کہ مہنگائی اور بڑھتی ہوئی بے روزگاری ملک کا سب سے بڑا مسئلہ ہے موجودہ حکمران عوام کے ووٹوں سے نہیں بلکہ زبردستی عوام پر مسلط کیے گئے ہیں، حکمران طبقہ اور اپوزیشن کو عوام کی پریشانیوں اور دکھوں سے کوئی غرض نہیں، سب اقتدار حاصل کرنے یا مسلط رہنے کی کوششوں میں مصروف ہیں، بجلی، پانی اور سوئی گیس کے بلوں کی ادائیگی غریب آدمی کے لیے وبال جان بنی ہوئی ہے، حکمرانوں کے شاہانہ پروٹوکول اور آئی ایم ایف کی کڑی شرائط کا خمیازہ غریب عوام بھگت رہے ہیں۔

گیپکو کی جانب سے صارفین کیلئے آج کا بجلی بندش شیڈول جاری

قارئین ملاحظہ فرمالیں

فظ آباد (رانا طارق محمود) گیپکو کی پریس ریلیز کے مطابق آج علی پور روڈ فیڈر، ساگر فیڈر، گوجرانوالہ روڈ فیڈر، مکہ ٹاؤن، ڈسٹرکٹ کمپلیکس اور چبہ سندھواں کی بجلی صبح نو بجے سے دوپہر ایک بجے تک بند رہے گی

ایڈووکیٹ بیٹے شاہ زیب کی شادی خانہ آبادی



کوٹلی لوہاراں (انور سجاد شیخ نمائندہ قوت) ایڈووکیٹ شاہ زیب کی شادی خانہ آبادی دختر بشارت کے ساتھ کسانہ میرج ہال میں انجام پائی۔ شادی میں معززین علاقہ کے علاوہ سماجی اور سیاسی شخصیات نے شرکت کی۔ علاوہ ازیں اس میں عوامی پریس کلب کوٹلی لوہاراں سیالکوٹ کے وفد بھی شرکت کی

ایس ایچ او تھانہ کوتوالی کاشف بٹ کا ملزمان کیخلاف کریک ڈاؤن

ناجائز اسلحہ و ہوائی فائرنگ کے ملزمان گرفتار مقدمات درج کر لئے



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) جرائم پیشہ عناصر کیخلاف ایس ایچ او تھانہ کوتوالی کاشف علی بٹ کا تھانہ کوتوالی سیالکوٹ چارج لیتے ہی کریک ڈاؤن شروع۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر سیالکوٹ رانا عمر فاروق کے کرائم کنٹرول میکنزم پر کاروائیوں کے دوران لاء بریکرز و ناجائز اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف سخت کریک ڈاؤن جاری۔ اس دوران ایس ایچ او تھانہ کوتوالی سب انسپکٹر کاشف علی بٹ نے پولیس ٹیم کے ہمراہ کاروائی عمل میں لا

DAILY QUWAT
ایڈیٹوریل
quwateditorial786@gmail.com
نوٹ: ادارہ تمام کالم نیک نیتی کی بنیاد پر شائع کرتا ہے لہٰذا کسی بھی کالم نگار کی رائے سے ادارے کا متفق ہونا ضروری نہیں

فوجی عدالتوں میں سویلینز کا ٹرائل روکنے اور فیصلہ سنانے کی درخواست مسترد

سپریم کورٹ کے آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل روکنے سے متعلق درخواست خارج کر دی اور درخواست گزار سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ پر 20 ہزار روپے جرمانہ عائد کر دیا۔ آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں کو کیسز کا فیصلہ سنانے کی اجازت دینے کی حکومتی استدعا بھی مسترد کر دی۔ جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں 7 رکنی آئینی بینچ نے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق درخواست پر سماعت کی۔ سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ نے سویلینز کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل جبکہ سینئر قانون دان اعتزاز احسن نے 26 ویں آئینی ترمیم کے خلاف درخواستوں کا فیصلہ ہونے تک سماعت نہ کرنے کی درخواست دائر کی تھی۔ عدالت نے جسٹس (ر) جواد ایس خواجہ کے وکیل سے استفسار کیا کہ وہ آئینی بینچ کو تسلیم کرتے ہیں؟ جس پر وکیل نے کہا میں آئینی بینچ کا دائرہ اختیار تسلیم نہیں کرتا۔ جسٹس جمال مندوخیل نے سابق چیف جسٹس جواد ایس خواجہ کے وکیل سے کہا پھر آپ کمرہ عدالت چھوڑ دیں، جس پر وکیل نے کہا موجودہ آئینی بینچ جوڈیشل کمشن نے نامزد کیا ہے۔ جسٹس جمال مندوخیل نے استفسار کیا کیا 26 ویں آئینی ترمیم کالعدم ہو چکی ہے؟ جبکہ جسٹس محمد علی مظہر نے کہا آپ کی طرف سے تاخیری حربے استعمال ہو رہے ہیں، ہر سماعت پر ایسی کوئی نہ کوئی درخواست آجاتی ہے، 26 ویں آئینی ترمیم کالعدم ہو جائے تو عدالتی فیصلوں کو تحفظ فراہم کیا جاتا ہے، جن لوگوں کے کیس ملٹری کورٹس میں زیر سماعت ہیں کیا وہ بھی یہی چاہتے ہیں۔ حکومت کی طرف سے فوجی عدالتوں کو فیصلہ سنانے کی اجازت دینے کی درخواست پر سماعت کے دوران جسٹس مسرت ہلالی نے ریمارکس دیے کہ فوجی عدالتوں کو کیسز کا فیصلہ سنانے کی اجازت دینے کا مطلب فوجی عدالتوں کا اختیار تسلیم کرنا ہوگا۔ آئینی بینچ نے حکومت کی فوجی عدالتوں کو کیسز کا فیصلہ سنانے کی اجازت دینے کی درخواست مسترد کر دی۔ بعد ازاں آئینی بینچ نے 26 ویں آئینی ترمیم کے فیصلے تک فوجی عدالتوں کے کیس کی سماعت مؤخر کرنے کی درخواست خارج کرتے ہوئے کیس نمٹا دیا۔

فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل سے متعلق بل اگست 2023ء میں منظور ہوا۔ "آرمی ایکٹ" اور "آفیشل سیکرٹ ایکٹ" میں ترامیم کے تحت سویلین افراد پر بھی فوجی عدالتوں میں مقدمات چلانے کی اجازت دی گئی۔ یہ ترامیم خاص طور پر 9 مئی 2023ء کے واقعات کے بعد زیر غور آئیں، جن میں حساس تنصیبات پر حملے ہوئے تھے۔ یہ ترامیم پارلیمنٹ کے دونوں ایوانوں، یعنی قومی اسمبلی اور سینیٹ، سے منظوری کے بعد صدر کی توثیق کے ذریعے قانون کا حصہ بنیں۔ اس قانون کے بعد کئی لوگوں کے فوجی عدالتوں میں ٹرائل ہو چکے ہیں جبکہ عدالتوں کو فیصلہ سنانے سے روکا گیا ہے۔

مذکورہ بل کو سپریم کورٹ میں چیلنج کیا گیا جس پر پانچ رکنی بینچ بنایا گیا تھا۔ جس نے اس کیس پر سماعت کی۔ 23 اکتوبر 2023ء کو سپریم کورٹ نے محفوظ شدہ فیصلہ سناتے ہوئے فوجی عدالتوں میں سویلینز کے ٹرائل کو کالعدم قرار دے دیا۔ سپریم کورٹ کے جسٹس اعجاز الحسن کی سربراہی میں پانچ رکنی لارجر بینچ نے سماعت کی، جسٹس منیب اختر، جسٹس یحییٰ آفریدی، جسٹس مظاہر علی اکبر نقوی اور جسٹس عائشہ ملک بھی بینچ میں شامل تھے۔ جسٹس اعجاز الحسن نے مختصر فیصلہ پڑھ کر سنایا، عدالت میں فیصلہ چار ایک کی اکثریت سے سنایا گیا جس میں جسٹس یحییٰ آفریدی نے اکثریتی فیصلے سے اختلاف کیا۔ فیصلے میں سیکشن 2 ڈی دن کو غیر آئینی قرار دے دیا گیا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ فوجی عدالتوں میں شہریوں کا ٹرائل نہیں کیا جاسکتا، 9 مئی کے 103 ملزمان کا ٹرائل کریمنل کورٹ میں ہی چل سکتا ہے۔ اس فیصلے کے خلاف سپریم کورٹ میں انٹرا کورٹ اپیل کی گئی تو یہ فیصلہ معطل کر دیا گیا۔ 13 دسمبر 2023ء کو سپریم کورٹ نے فوجی عدالتوں میں عام شہریوں کا ٹرائل روکنے کا فیصلہ معطل کیا۔ جسٹس سردار طارق مسعود کی سربراہی میں چھ رکنی لارجر بینچ نے فیصلے پر انٹرا کورٹ اپیل کی ابتدائی سماعت کے بعد مختصر فیصلہ جاری کیا۔

سپریم کورٹ نے عبوری اور مختصر فیصلے میں قرار دیا تھا کہ انٹرا کورٹ اپیل کے فیصلے تک فوجی عدالتوں میں جاری ٹرائل میں کسی بھی عام شہری کو حتمی سزا نہیں سنائی جائے گی۔ پانچ رکنی بینچ کے فیصلے کے خلاف وفاقی حکومت اور وزارت دفاع نے اپیلیں دائر کر رکھی تھیں۔ چھ رکنی عدالتی بینچ کے پانچ ججز نے اکثریت سے سپریم کورٹ کے پانچ رکنی بینچ کا فیصلہ معطل کیا جس کے تحت فوجی عدالتوں میں عام شہریوں کے ٹرائل کو کالعدم قرار دیا گیا تھا۔ جسٹس مسرت ہلالی نے پانچ ججز سے اختلاف کیا۔

نومئی میں ملوث 103 ملزمان پاک فوج کی کسٹڈی میں ہیں۔ بادی النظر میں ان کے ٹرائل مکمل ہو چکے ہیں۔ یہ ضروری نہیں ہے کہ سارے کے سارے زیر حراست ملزم قصوروار ہوں۔ یہ بھی ضروری نہیں ہے کہ سب کا ایک جیسا قصور ہو۔ قصورواروں کو مختلف نوعیت کی سزائیں دی جاسکتی ہیں۔ کچھ ہو سکتا ہے دو چار ماہ کی سزا کے مستحق ہوں اور کئی بریت کے حقدار بھی ہوں گے۔ سپریم کورٹ کی طرف سے فوجی عدالتوں کو فیصلہ سنانے کی اجازت نہیں دی گئی۔ آئینی بینچ کی طرف سے کوئی بھی فیصلہ آسکتا ہے۔ آئینی بینچ 2023ء کی قانون سازی کو کالعدم قرار دے سکتا ہے۔ اس قانون کے اجرا کا حکم بھی صادر کر سکتا ہے۔ فیصلہ جو بھی آتا ہے وہ جلد آجائے تو بہتر ہے۔ تاکہ ایسے لوگ جن پر جرم ثابت نہیں ہو سکا وہ باعزت بری ہو سکیں اور جن کو چند ماہ کی سزا ہوئی ہے وہ اب تک مکمل ہو چکی ہوگی۔ وہ بھی اپنے گھروں کو جا سکیں۔

شام کی صبح آزادی اور مرشد کا بائیکاٹ۔

رات کے پچھلے پہر، لگ بھگ ایک ہی وقت میں حمص اور دمشق فتح ہو گئے۔ شمال سے آنے والے انقلابی حمص میں داخل ہوئے، جنوب میں الدرعا اور السویدا پر قبضے کے بعد جنوب کے انقلابی دمشق جا پہنچے۔ اگلی دوپہر تک پورا شام نصیری قبیلے کی 54 سالہ غلامی سے آزاد ہو چکا تھا۔ حلب کی فتح کے بعد ایک ہفتے میں یہ سب کچھ ہو گیا۔

ایک غلطی کی وضاحت اور معذرت ضروری ہے۔ پچھلے کالم میں جو "حمص کے بعد دمشق" کے عنوان سے چھپا، حمص کے انگریزی سپیلنگ لکھتے ہوئے لاشعور میں حماس (غزہ) کا نام آگیا اور وہی لکھ دیا یعنی HAMAS۔ دراصل یہ HOMS تھا۔

ادلیب میں دس سال تک محدود الجولانی کی جولان گاہ اب پورا شام ہے۔ بشارالاسد ماسکو فرار ہو گیا۔ فتح شام پر شام ہی نہیں، لبنان میں بھی جشن منائے گئے۔ یہ جشن چٹگلی تھے، اس بات پر کہ لبنانیوں کو اب حزب اللہ کی چیرہ دستیوں سے نجات مل جائے گی۔ حزب اللہ کو آکسیجن ایران سے براستہ شام ملتی تھی، اب وہ پائپ لائن کٹ گئی۔ شام کی تحریک آزادی 2011ء میں شروع ہوئی تھی اور تیرہ برس میں دس لاکھ جانیں قربان کر کے یہ آزادی بالآخر حاصل کر لی گئی۔ اب تک جو ہوا، وہ "مثبت" نظر آرہا ہے لیکن امریکہ نے کسی مثبت کو پہلے کب مثبت رہنے دیا جو وہ اب چین سے بیٹھے گا۔ اس نے ہر استحکام کو انتشار میں بدلا ہے، ہر اثبات کی نفی کی ہے۔

اسرائیل کو یہ تبدیلی کیسی لگی؟، وہ بھی سب نے دیکھ لیا۔ ایک ہی روز میں اس نے ڈیڑھ سو بمباریاں کیں اور پچھلی حکومت کے ذخیرہ کردہ تمام اسلحہ خانے اڑا دیئے۔ اس نے کہا، بشار کے ہتھیار ہم انقلابیوں کے ہاتھ نہیں لگنے دیں گے۔ یہ ہماری سلامتی کیلئے خطرہ بن جائیں گے۔

وہی بات کہ بشار کی حکومت اسرائیلی سلامتی کی گارنٹی تھی۔ اس کے پاس موجود ہتھیار اس کی موجودگی میں ہمارے لئے بے خطر، بے ضرر تھے۔ نئے آنے والوں کے ہاتھ لگیں گے تو یہی ہتھیار خطرناک ہو جائیں گے، یہ لو، انہیں اڑا دیا، تباہ کر دیا۔

بہرحال یہ جنوب کی بات ہے، شمال میں جو ہتھیار انقلابیوں کے ہاتھ لگے، وہ اسرائیل کے وار سے بچ نکلے اور یہ بتانے کی ضرورت نہیں کہ ان کی مقدار جنوب کے ہتھیاروں سے زیادہ تھی۔

اسرائیل نے جولان کے مقبوضہ علاقے کو اپنی حدود میں ضم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ 1974ء کا وہ معاہدہ اس نے منسوخ کر دیا ہے جس کے تحت یہ علاقہ بفرزون تھا۔ اب بفرزون نہیں رہا، اسرائیل کا حصہ یعنی اٹوٹ انگ بن گیا ہے۔ نیا بفرزون بنانے کیلئے اسرائیل نے جنوبی شام کے مزید رقبے پر حملہ کر کے قبضہ کر لیا ہے۔

ادھر کمین گاہوں میں طویل عرصہ چھپی رہنے والی داعش کی کمینگی دیکھئے، انقلاب کے کامیاب ہوتے ہی وہ اپنی گپھاؤں نکلی اور وسیع و عریض صحرائے حمص میں پھیل گئی۔ قبضہ تو نہیں کیا، اثر و رسوخ کے اڈے البتہ جما لئے۔ جس کا ڈر تھا، وہ ہو گئی۔ امریکہ



نے داعش کو ختم کرنے کیلئے بمباری کا سلسلہ شروع کر دیا اور ساتھ ہی یہ اعلان بھی آگیا کہ داعش کی وجہ سے وہ مشرقی شام میں اپنے زیر قبضہ علاقے کو ہرگز نہیں چھوڑے گا۔ مشرقی شام کی سرحد پر جہاں عراق اور اردن کی سرحد بھی ملتی ہے، امریکہ نے سینکڑوں مربع میل کے علاقے پر قبضہ کر کے وہاں چھاؤنی بنا رکھی ہے۔ خطرہ اب یہ ہے کہ داعش کے خاتمے کی آڑ میں، جب اس کی مرضی ہوئی یا جب وہ ضرورت محسوس کرے گا، جہاں سے اٹھ کر وہ انقلابیوں پر بھی بمباری کرے گا۔

ایک انہونی ایران کے روحانی کمانداراعظم کے ساتھ ہوگئی۔ سب لوگ حیران ہیں کہ سقوط حمص سے ایک دن پہلے تک جس ایران نے دعویٰ کیا تھا کہ وہ بشار حکومت کو بچانے کیلئے آخری حد تک جائے گا، ہر حد تک جائے گا، اگلے ہی روز اس کا سارا نام جہام شام سے رخصت ہو گیا تھا۔ اس کے سارے فوجی مشیر، کمانڈر اور جنرل کمال عجلت سے فرار ہو گئے اور اس نے بشار کو تنہا چھوڑ دیا، آخر یہ کیا ماجرا ہوا۔

تو ماجرا یہ ہوا کہ کمانداراعظم نے، جس کا ہر حکم، حکم کا آخر ہوتا ہے، جو ایرانی پارلیمنٹ کے فیصلوں اور صدر کے اختیارات کو جب چاہے ویٹو کر سکتا ہے، حمص کی طرف پیش قدمی ہوتے دیکھ کر سیاسی قیادت اور جرنیلوں کا اجلاس طلب کیا اور حکم دیا کہ فوراً افواج کی مناسب تعداد شام میں اتاری جائے۔

پھر یہ دیکھ کر وہ سکتے میں آگیا اور ششدر رہ گیا کہ جملہ سیاسی و عسکری قیادت نے ان کا یہ حکم مسترد کر دیا۔ کہا، شام ہمارے ہاتھ سے نکل گیا، جو فوج ہم بھیجیں گے، وہ کوئی نتیجہ پیدا کئے بغیر ماری جائے گی، وقت ہمارے خلاف ہے۔

روحانی کمانداراعظم کو چپ لگ گئی۔ معلوم نہیں، انہوں نے بھی اس کا احساس کر لیا یا مجبوری کا نام شکریہ رکھ دیا۔ اس اجلاس کے بعد ایرانیوں کو شام سے فوراً گھر آنے کا حکم ملا۔

آنے والے امریکی صدر ٹرمپ نے روس کا مذاق اڑایا ہے کہ اس کے چھ لاکھ فوجی یوکرائن کی جنگ میں ہلاک و زخمی ہو گئے، وہ بشار کو بچانے کی صلاحیت ہی نہیں رکھتا تھا۔

6 لاکھ کے اعداد و شمار واضح نہیں۔ کتنے مرے کتنے زخمی ہوئے، ٹرمپ نے سب اکٹھے کر دیئے۔ اب تک کی صحیح تفصیل یہ ہے کہ یوکرائن سے تین سال کی جنگ میں روس کے دو لاکھ فوجی ہلاک ہوئے۔ پورے دو لاکھ، کم نہ زیادہ اور ساڑھے پانچ لاکھ زخمی ہوئے۔ زخمی فوجی، فوجی نہیں رہتا مطلب جنگ نہیں کر سکتا۔ یوں روس کی ساڑھے سات لاکھ فوج ناکارہ ہو گئی۔ چھوٹے سے یوکرائن نے یہ حال کر دیا۔ خود اس کا بھی بہت نقصان ہوا۔ اس کے 43 ہزار فوجی مارے گئے اور پونے چار لاکھ زخمی ہوئے۔

سینکڑوں سال سے قائم روسی سامراجیت سوویت یونین کے خاتمے کے ساتھ ختم نہیں ہوئی، جاری رہی۔ اب وہ ختم ہو رہی ہے ایک قصے مٹے یوکرائن کے ہاتھوں۔ یوکرائن مشرقی یورپ کا افغانستان نکلا۔

شام میں کیا ہونے والا ہے اور شام کے گردونواح میں کیا، کچھ کچھ نظر آرہا ہے، اس کا ذکر امید ہے اگلے کالم میں۔ چلتے چلتے یہ اطلاع دینا ضروری ہے کہ اڈیالہ جیل میں مرشد نے بہ وسیلہ سوشل میڈیا فوجی اداروں کی مصنوعات کے بائیکاٹ کی جو اپیل کی تھی، وہ زبردست کامیابی سے ہم کنار ہوئی ہے۔

ایسے کہ فوجی مصنوعات کی فروخت بڑھ گئی ہے۔ تمام آٹ لیٹس پر ان کی مانگ اور طلب، پھر اسی تناسب سے رسد بھی بڑھ گئی ہے۔ سٹاک مارکیٹ میں ان اداروں کے حصص بھی اوپر جا رہے ہیں۔

اب آپ اعتراض کر ڈالئے کہ یہ کیسی کامیابی ہے، اپیل تو بائیکاٹ کی تھی، الٹا طلب اور فروخت بڑھ گئی تو بھائی ماجرا کچھ یوں ہوا کہ پیغام کے سمجھنے میں غلطی ہوگئی۔ مرشد نے کہا مت خریدنا۔ مت کا لفظ سنے جانے سے رہ گیا، مرشد کے چاہنے والوں نے صرف "خریدو" سنا اور وہ خریدنے کیلئے ٹوٹ پڑے۔ تو اپیل یوں کامیاب ہوگئی۔

مولانا فضل الرحمٰن مدارس پر سیاست نہ کریں!!!!

مدارس کی رجسٹریشن کے مسئلے کو بنیاد بنا کر ایک مرتبہ پھر محاذ آرائی کی کیفیت ہے۔ گذشتہ روز بھی لکھا آج دوبارہ یہ موضوع سامنے ہے۔ ملکی سیاسی معاملات پر روزانہ لکھا اور بولا جاتا ہے لیکن مدارس کے معاملے میں پاکستان کے تمام ٹیلی ویژن چینلز اور اخبارات میں لکھنے والے نامور افراد سے گذارش ہے کہ وہ اس معاملے میں قوم کی رہنمائی کرتے ہوئے مدارس کی رجسٹریشن یا مدارس کی اصلاحات والے معاملے کو ترجیح دیں۔ یہ پاکستان کے مستقبل کا مسئلہ ہے اور اسے شخصیات کے رحم و کرم پر نہیں چھوڑنا چاہیے۔ ایک تعلیمی نظام ہے اور دیگر اداروں کی طرح مدارس کو بھی نظام کا حصہ ہونا چاہیے۔ بدقسمتی ہے کہ مولانا فضل الرحمٰن اس معاملے میں سیاست کرتے دکھائی دیتے ہیں۔ وہ اسے آئی ایم ایف یا ایف اے ٹی ایف سے جوڑ کر لوگوں کے جذبات سے کھیل رہے ہیں اور جذبات ابھارنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یوں ایک مرتبہ پھر وہ تاریخ کے معاملے میں غلط طرف جا رہے ہیں۔ پاکستان کے بہتر مستقبل کی خاطر ہمیں سخت فیصلوں کی ضرورت ہے۔ مدارس کے نظام میں اصلاحات ہونی چاہیے اسے وزارت تعلیم کے ساتھ ہونا چاہیے، وزارت تعلیم کے پاس ہی مدارس میں اساتذہ کی تقرری وتعیناتی کا اختیار ہونا چاہیے، حکومت کے پاس کنٹرول ہونا چاہیے ہر چیز کا، انفرادی طور پر کسی کو یہ اختیار نہیں ہونا چاہیے کہ وہ اتنے بڑے پیمانے پر طلباء کو اپنی مرضی سے ڈرائیو کرے، وقت گزرنے کے ساتھ ساتھ نظام میں اپ گریڈیشن کی ضرورت رہتی ہے اور حکومت کو یہ ذمہ داری نبھانی چاہیے۔ مولانا فضل الرحمٰن اور ان کے ساتھیوں کو ملک کے بہتر مستقبل اور مدارس کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لیے حکومت کے ساتھ مل بیٹھ کر معاملات کو آگے بڑھانا چاہیے۔ ہر وہ چیز جس سے ملک کا مستقبل بہتر ہو سکتا ہے وہ کسی کی سوچ، کسی کے سیاسی مفادات یا خیالات سے بہت زیادہ اہم ہے۔

مولانا فضل الرحمٰن کیوں اس معاملے کو اپنی ذات کا مسئلہ بنا رہے ہیں۔ کیوں اسے بیرونی سازش ثابت کرنے کی کوشش کر رہے ہیں اگر ملک میں علماء کی بڑی تعداد یہ سمجھتی ہے کہ حکومت کا یہ قدم وقت کی ضرورت ہے تو مولانا کیوں اسے علماء کے مابین جنگ بنانا چاہتے ہیں۔ مدارس کا نام لے کر انتہا پسندی کا ذکر کرنا، شدت پسندی کا حوالہ دینا، اپنے ووٹرز، سپورٹرز اور مدارس کے طلباء میں یہ سوچ پیدا کرنا کہ حکومت ان کے حقوق ادا کرنے سے گریزاں ہے ایک قومی سطح کے مذہبی اور بالخصوص سیاسی لیڈر کو یہ زیب نہیں دیتا کہ وہ اس اہم ترین معاملے میں وہ راستہ اختیار کرے جس سے ملک کے مسائل میں اضافہ ہو سکتا ہے۔

مولانا فضل الرحمٰن فرماتے ہیں کیوں مدارس کو انتہا پسندی کی طرف دھکیلا جا رہا ہے؟ مدارس نے آپ کو تسلیم کیا، ملک کے ساتھ کھڑے ہیں، ان کو کیوں تکلیف ہے کہ علمائے کرام متوازن سیاست کر رہے ہیں، ہم زیادہ ملک کے وفادار ہیں اور زیادہ فکرمند ہیں، کہا جا رہا ہے ان کا یہ مسئلہ نہیں ہے بس دینی



مدرسے کنٹرول کرو، مدارس کو کنٹرول کریں کیوں؟ اس لیے کہ ایف اے ٹی ایف چاہتا ہے، آئی ایم ایف چاہتا ہے۔ مدارس کو کنٹرول کریں کیوں؟ امریکا اور مغرب چاہتا ہے، ہمیں بتائیں، قوم کے سامنے وہ معاہدے رکھیں انہوں نے کیا شرائط رکھے ہیں۔

لائحہ عمل کا اعلان کرنے جا رہے تھے تو مفتی تقی عثمانی کے کہنے پر مؤخر کیا، مفتی تقی عثمانی نے کہا وفاق اور تنظیمات المدارس کا اجلاس 17 دسمبر کو بلایا ہے، علما کو تقسیم کرنے کی سازش کی جا رہی ہے، علما کے مقابلے پر علماء کو لایا جا رہا ہے۔

مولانا فضل الرحمٰن کے یہ بیانات خالصتاً نظام کی مخالفت کا اظہار ہیں، بات مدارس کو کنٹرول کرنے کی ہرگز نہیں ہے، کیا جامعات میں طلباء اپنے حقوق کے لیے مظاہرے نہیں کرتے، کیا سکولوں اور کالجوں کے طلباء کو جب کوئی مسئلہ درپیش ہوتا ہے تو وہ سڑکوں پر نہیں آتے، کیا میڈیا تعلیمی اداروں کے معاملات کی کوریج نہیں کرتا۔ یہ صرف اور صرف نظام کی مخالفت ہے، جذباتی بیانات ہیں اور لوگوں میں احساس محرومی پیدا کرنے کی کوشش ہے۔ مولانا فضل الرحمٰن کو چاہیے کہ بڑے دل کا مظاہرہ کریں، سب کچھ حکومت کے حوالے کریں، حکومت جانے، طلباء جائیں، حکومت دینی تعلیم حاصل کرنے والوں کے اخراجات برداشت کرے، ان کے قیام وطعام کا بندوبست کرے۔ مدارس کے معاملے پر علماء حکومتی اقدامات کے ساتھ ہیں تو اس کا صرف یہ مطلب تو نہیں ہو سکتا کہ علماء کو آمنے سامنے لایا جا رہا ہے اس کا ایک مطلب تو اختلاف رائے بھی ہو سکتا ہے تو پھر مولانا فضل الرحمٰن کیوں اسے علماء کے مابین مقابلہ قرار دے رہے ہیں۔

اسلامی نظریاتی کونسل کے سربراہ علامہ راغب نعیمی کہتے ہیں کہ مدارس کا معاملہ تعلیمی ہے اسے سیاسی اکھاڑا نہ بنایا جائے۔ مدارس کے نظام کو کسی بیرونی ایجنڈے سے خطرہ نہیں، مدارس کو وزارت تعلیم کے ساتھ ہی منسلک ہونا چاہیے۔ علامہ طاہر اشرفی کہتے ہیں کہ 2019 میں مدارس کے لئے بورڈز بنانے کا فیصلہ کیا گیا، آج وہ تمام بورڈز بھرپور طریقے سے کام کر رہے ہیں، ہم کیسے مدارس پر سمجھوتا کر سکتے ہیں، ہم پر بلاوجہ کا خوف مسلط کیا جاتا ہے کہ بیرونی ایجنڈا آئے گا اور یہ ہو جائے گا۔ ڈی جی مذہبی تعلیم غلام قمر کہتے ہیں کہ کابینہ کے فیصلے کے بعد مدارس سے متعلق معاہدہ ہوا تھا، طے ہوا تھا کہ تمام مدارس ڈائریکٹریٹ ریلیجس ایجوکیشن کے ساتھ منسلک ہوں گے، ہم نے مدارس کو قومی دھارے میں لانا ہے اور تعلیمی نظام کو سپورٹ کرنا ہے۔

مولانا فضل الرحمٰن کو میز کے دوسری طرف بیٹھے علماء کو بھی اتنی ہی اہمیت دینی چاہیے، انہیں یہ بھی سمجھنا ہوگا کہ صرف وہی مدارس کی حفاظت کے لیے میدان میں ہیں یا درد رکھتے ہیں۔ ملک بھر میں مدارس اور مساجد کی ذمہ داری حکومت پر ہونی چاہیے، مساجد کا سٹاف حکومت کے ذمے ہونی چاہیے۔ مدارس کسی بھی طور ملک کے کسی بھی شاندار اور بہترین سکول، کالج یا یونیورسٹی سے کم نہیں، مولانا کو مدارس کے حقیقی مقام و مرتبے کو بحال کرنے کے لیے میدان میں آنا چاہیے۔ مدارس کو متنازع نہ بنائیں اور اسے سیاسی اکھاڑا نہ بنائیں تو بہتر ہے۔

آخر میں گلزار کا کلام

میں کچھ کچھ بھولتا جاتا ہوں اب مجھکو
ترا چہرہ بھی دھندلانے لگا ہے اب تخیل میں
بدلنے لگ گیا ہے اب
وہ صبح و شام کا معمول جس میں
تجھ سے ملنے کا بھی اک معمول شامل تھا
تیرے خط آتے رہتے تھے
تو مجھ کو یاد رہتے تھے
تری آواز کے سُر بھی
تری آواز کو کاغذ پہ رکھ کے
میں نے چاہا تھا کہ "پن" کر لوں
وہ جیسے تتلیوں کے پر
لگا لیتا ہے کوئی اپنی البم میں
ترا "ب" کو دبا کر بات کرنا
واکو پر ہونٹوں کا چھلا گول ہو کر
گھوم جانا تھا
بہت دن ہو گئے
تو دیکھا نہیں نہ خط ملا کوئی
بہت دن ہو گئے بچی
تری آواز کی بوچھاڑ میں
بھیگا نہیں ہوں میں

حکمرانی کے راز

عددی اعتبار سے بات کریں تو مولانا فضل الرحمٰن کی پارلیمانی قوت نہ ہونے کے برابر ہے۔ ان کی اپنی ذات بھی اس تناظر میں فروری 2024ء میں ہوئے انتخاب کی بدولت کمزور دکھائی دی۔ ڈیرہ اسماعیل خان ان کا آبائی حلقہ ہے۔ 1970ء کے تاریخی انتخابات کے دوران یہ واحد شہر تھا جہاں سے ذوالفقار علی بھٹو ان کے مرحوم والد مولانا مفتی محمود کے ہاتھوں شکست کھا گئے تھے۔ جنرل ضیاء کے فضائی حادثے میں انتقال کے بعد 1988ء میں جو عام انتخابات ہوئے ان کے دوران بھی یہ حلقہ مولانا فضل الرحمٰن کے ہاتھ سے نکل گیا تھا۔ قومی اسمبلی میں اپنی موجودگی یقینی بنانے کے لئے مولانا ڈیرہ اسماعیل خان کے علاوہ بنوں اور کئی مرتبہ سے بھی انتخاب لڑتے رہے۔ 2024ء میں لیکن انہیں اپنے صوبے کے علاوہ بلوچستان کے ایک حلقے سے بھی قومی اسمبلی تک پہنچنے کی کوشش کرنا پڑی اور تکنیکی اعتبار سے اب وہ پارلیمان میں خیبر پختونخواہ کے بجائے بلوچستان کی نمائندگی کرتے ہیں۔

انتخابی سیاست سے قطع نظر حقیقت مگر یہ بھی ہے کہ مولانا کی جمعیت العلمائے اسلام ایک منظم تنظیم ہے۔ جب چاہے ہزاروں افراد کے ہمراہ کئی دنوں کا سفر کرتے ہوئے کراچی سے اسلام آباد میں داخل ہو سکتی ہے۔ دینی بنیادوں پر منظم ہوئی یہ جماعت مگر "آئینی سیاست" میں حصہ لینے کو بھند ہے۔ اسلام کے نام پر ابھرے انتہا پسند گروہوں کی طرح بندوق کے زور سے اپنی سوچ معاشرے پر مسلط کرنے کی کوشش نہیں کرتی۔ مولانا کی "آئین دوستی" اگرچہ انتہا پسندوں کو ان کے خلاف مشتعل بنا دیتی ہے۔ اسی باعث ان کی جان لینے کے لئے مولانا پر بارہا خودکش حملے ہوئے۔ رب کا صد شکر کہ وہ ان سے محفوظ رہے۔

مولانا کی "آئین پسندی" مسلم لیگ (نون) اور پیپلز پارٹی کو مجبور کرتی ہے کہ وہ انہیں اپنے ساتھ ملائے رکھیں۔ اسی باعث جب آئین میں 26 ویں ترمیم متعارف کروانے کی کوشش کا آغاز ہوا تو دونوں جماعتوں کے سرکردہ رہ نماؤں نے ان کی اسلام آباد والی اقامت گاہ کے پھیرے لگانا شروع کر دئے۔ آصف زرداری بطور صدر پاکستان پروٹوکول کے تمام



تقاضے نظر انداز کرتے ہوئے ان کے ہاں تشریف لائے اور "آئین دوست" مولانا کو بندوق کا تحفہ دے کر مجھے حیران کر دیا۔ آصف صاحب کے بعد ان کے فرزند مستقل مولانا کا تعاقب کرتے رہے۔ اپنے دیرینہ دوستوں کے اصرار پر مولانا 26 ویں ترمیم کی حمایت میں ووٹ ڈالنے کو آمادہ ہو گئے۔ اپنی حمایت کے عوض مولانا نے مگر حکومت کو مجبور کیا کہ وہ 2028ء تک پاکستانی معیشت کو سود سے پاک کرنے کا وعدہ کرے۔ اس کے علاوہ ایک قانون بھی دونوں ایوانوں سے 26 ویں ترمیم پاس ہونے کے فوری بعد منظور کروایا گیا۔ وہ قانون مدارس کی رجسٹریشن سے متعلق تھا۔

مذکورہ قانون منظور ہوا تو میں نے اس کا مسودہ کئی بار غور سے پڑھا۔ صحافی کی نگاہ اس میں کوئی "جھول" ڈھونڈنے میں ناکام رہی۔ صدر پاکستان نے مگر اس پر دستخط سے انکار کر دیا۔ صدر پاکستان کی جانب سے مذکورہ قانون کے اطلاق میں دکھائی مزاحمت نے مولانا کو حیران کر دیا۔ ٹیلی فون پر ہوئے روابط کے نتیجے میں بالآخر بلاول بھٹو زرداری مولانا کے گھر تشریف لائے اور انہیں حمایت کا یقین دلا دیا۔ بلاول بھٹو کی مولانا سے ملاقات کے بعد قومی اسمبلی کا اجلاس طلب کر لیا گیا۔ مجھ سادہ لوح نے یہ فرض کر لیا کہ حکومت مولانا کو ٹھنڈا رکھنے کے لئے پارلیمان کا مشترکہ اجلاس بھی طلب کر لے گی۔ امکانی اجلاس میں صدر کی جانب سے پارلیمان کو از سرنو غور کے لئے بھجوائے دینی مدارس سے متعلق بل کو منظور کر لیا جائے گا۔

پیر کی صبح یہ کالم لکھ کر دفتر بھجوا دینے کے بعد مگر میں نے ریموٹ کا بٹن دبا کر ٹی وی آن کیا تو علماء کا ایک اجلاس ہر چینل پر براہ راست دکھایا جا رہا تھا۔ مذکورہ اجلاس میں صرف دیوبندی مسلک ہی نہیں بلکہ دیگر تمام مسالک کے نمایاں رہ نما بھی شریک ہوئے۔ وہ سب مصر ہے کہ دینی مدارس کی رجسٹریشن کیلئے اگست 2019ء میں عمران حکومت کے دوران ایک قانون پاس ہو چکا ہے۔ اس کے ہوتے ہوئے مولانا کے اصرار پر تیار ہوئے "نئے قانون" کو اخلاق کی ضرورت نہیں ہے۔ بات اگر پرانے اور نئے قانون تک محدود رہتی تو میں ہرگز حیران نہ ہوتا۔ جس اجلاس کو تقریباً دو گھنٹے تک براہ راست دکھایا گیا اس سے خطاب کرتے ہوئے چند افراد نے مولانا فضل الرحمٰن پر یہ الزام بھی لگایا کہ وہ تمام مسالک کے مدارس کے "یک وتنہا ٹھیکے دار" بننے کی کوشش کر رہے ہیں۔ انہیں بنیادی طور پر "محض سیاست دان" ہونے کے طعنے بھی دیئے گئے۔ جس اجلاس کا میں ذکر کر رہا ہوں اس کی براہ راست کارروائی دیکھتے ہوئے میرا وسوسوں بھرا دل پریشان ہو گیا۔ مجھے شبہ ہوا کہ سیاستدانوں سے ماورا ریاست کی دائمی قوتیں مولانا فضل الرحمٰن کو ان کی "محدودات" یاد دلانا چاہ رہی ہیں۔ مذکورہ اجلاس کے خاتمے کے بعد مولانا فضل الرحمٰن نے جس تلخ زبان میں اپنا دفاع کیا اس نے میرے دل میں جمع ہوئے شکوک کو تقویت پہنچائی۔

ملکی سیاست کا دیرینہ شاہد ہوتے ہوئے میں ہرگز سمجھ نہیں پا رہا کہ مولانا کو مشتعل کرتے ہوئے دیوار سے لگانے کی کوشش کیوں ہو رہی ہے۔ حال ہی میں اسلام آباد ایک سنگین بحران کی زد میں آیا تھا۔ 24 فروری کے دن عمران خان کی "فائنل کال" پر لبیک کہتے ہوئے تحریک انصاف کے ہزاروں کارکن محترمہ بشریٰ بی بی اور علی امین گنڈاپور کی قیادت میں اسلام آباد داخل ہو گئے تھے۔ 26 نومبر کو سورج ڈھلنے کے بعد اسلام آباد آئے ہجوم کو پسپا ہونے کو مجبور کر دیا گیا۔ اسلام آباد ہجوم کی پسپائی کی بدولت "سینکڑوں ہلاکتوں" کا دعویٰ ہو رہا ہے۔ جو صحافی ان کی تصدیق نہ کرے اسے موجودہ حکومت کا "ٹاٹ" ظہرا دیا جاتا ہے۔ ایسے حالات میں مولانا فضل الرحمٰن کے خلاف ایک نیا محاذ کھولنا میری دانست میں خواہ مخواہ کا پنگا ہے۔ حکومت مگر حکومت ہوتی ہے اور فارسی کا ایک محاورہ متنبہ کرتا ہے کہ حکمرانی کے راز سلطان ہ



پہلا ٹی 20: جنوبی افریقہ نے پاکستان کو 11 رنز سے ہرا دیا

پاکستان کے 7 کھلاڑی ڈبل فیگرز میں بھی داخل نہ ہوسکے۔ 184 رنز کا پیچھا کرتے ہوئے بابر اعظم صفر پر آوٹ ہوگئے

ڈربن (این این آئی) جنوبی افریقہ نے پہلے ٹی ٹوئنٹی میچ میں پاکستان کو 11 رنز سے شکست دے دی، پاکستان 184 رنز کے تعاقب میں 172 رنز ہی بنا سکا۔ ہدف کے تعاقب میں کپتان محمد رضوان نے 62 گیندوں پر 74 رنز بنائے لیکن ٹیم کو جتوا نہ پائے۔ پاکستان کے 7 کھلاڑی ڈبل فیگرز میں بھی داخل نہ ہوسکے۔ 184 رنز کا پیچھا کرتے ہوئے بابر اعظم صفر پر آوٹ ہوگئے، صائم ایوب 31 رنز بنا کر آوٹ ہوئے، طیب طاہر 18 رن بنا کر پویلین لوٹ گئے۔ شاہین آفریدی اور عثمان خان نے 9۔ 9 رنز بنائے، عرفان خان ایک رن بنا کر چل دیئے، عباس آفریدی بھی صفر پر پویلین لوٹ گئے۔ کپتان محمد رضوان نے سب سے زیادہ 74 رنز بنائے۔ اس سے پہلے ڈربن کے کنگز میڈ کرکٹ اسٹیڈیم میں کھیلے جانے والے اس میچ میں جنوبی افریقہ نے ٹاس جیت کر پہلے بیٹنگ کرنے کا فیصلہ کیا۔ پاکستانی بولرز نے ابتدا میں ہی جنوبی افریقہ کے بیٹرز کو پریشان کیا اور جلد وکٹیں لے کر ہوم ٹیم کے لیے مشکلات کھڑی کر دیں جہاں 28 رنز پر ہی اسکی 3 وکٹیں گر گئیں۔ ریزا ہینڈرکس اور میتھیو بریٹزکی 8،8 رنز بنا کر پویلین لوٹے جبکہ رسی وینڈر ڈوسن صفر پر آوٹ ہوئے۔ ایسے میں ڈیوڈ ملر نا صرف اپنا تجربہ بروئے کار لاتے ہوئے ایک اینڈ سنبھالا جبکہ رنز بنانے کی رفتار میں بھی اضافہ کر دیا۔ ڈیوڈ ملر نے ہینرک کلاسین کیساتھ 43، ڈونوان فیریرا کے ساتھ 33 اور جارج لنڈے کے ساتھ 31 رنز کی پارٹنرشپ بنا کر اپنی ٹیم کو بڑے ٹوٹل کی جانب گامزن کروانے کی کوشش کی۔ ایسے میں شاہین آفریدی نے ملر کو باؤنڈری پر کیچ آوٹ کروا کر جنوبی افریقہ کے رنز کی رفتار کو بریک لگا دی۔ ملر 40 گیندوں پر 82 رنز بنا کر آوٹ ہوئے، انکی اننگز میں 8 چھکے اور 4 چوکے شامل تھے۔ کلاسین 12، فیریرا 7 رنز بنا کر پویلین لوٹے۔ تاہم جارج لنڈے نے 24 گیندوں پر 48 رنز کی دھواں دھار اننگز کھیل کر ٹیم کے ٹوٹل کو 183 رنز تک پہنچا دیا۔



20واں گورنر سٹیٹ بنک انٹر بینکس ریجنل کرکٹ ٹورنامنٹ

ملتان (این این آئی) 20واں گورنر سٹیٹ بنک انٹر بینکس ریجنل کرکٹ ٹورنامنٹ منگل کے روز ڈویژنل سپورٹس گراؤنڈ ملتان میں شروع ہوگیا۔ میزان بینک اور پنجاب بینک نے اپنے اپنے میچ جیت لئے۔ ٹورنامنٹ کا افتتاح چیف منیجر جاوید ایچ نیئر نے دیگر بینکوں کے ریجنل ہیڈز اور اسٹیٹ بنک آفیشلز کے ہمراہ کیا۔ افتتاحی میچ میں میزان بنک نے دفاعی چیمپئن بنک الحبیب کو 4 وکٹوں سے شکست دے دی۔ پہلے کھیلتے ہوئے بنک الحبیب نے مقررہ 20 اوورز میں 6 وکٹوں کے نقصان پر 236 رنز بنائے۔ میزان بنک نے سنسنی خیز مقابلے کے بعد مطلوبہ ہدف 6 وکٹ کے نقصان پر پورا کرلیا۔ میزان بنک کی جانب سے شاہد نے 105 اور عمر رحمن نے 30 رنز بنائے۔

مینز بگ بیش لیگ کا 14واں ایڈیشن 15 دسمبر سے آسٹریلیا میں شروع ہوگا

پرتھ (این این آئی) کرکٹ آسٹریلیا (سی اے) کے زیر اہتمام مینز بگ بیش لیگ (بی بی ایل) کا 14واں ایڈیشن 15 دسمبر سے آسٹریلیا میں شروع ہوگا۔ سی اے کے مطابق مینز بی بی ایل کے کامیاب انعقاد کے لئے تیاریاں ابھی سے شروع کر دی گئی ہیں۔ بگ بیش لیگ میں 8 ٹیمیں ٹائٹل کے حصول کے لئے ایکشن میں نظر آئیں گی۔

پی ایس ایل 10 کیلئے پلیئرز ڈرافٹ 11 جنوری کو ہوگی

لاہور (این این آئی) پاکستان سپر لیگ (پی ایس ایل) کے 10 ویں ایڈیشن کیلئے پلیئرز ڈرافٹ 11 جنوری کو ہوگی۔ رواں ہفتے ملکی اور غیر ملکی کھلاڑیوں کی رجسٹریشن شروع ہوجائیگی، پاکستان کرکٹ بورڈ نے ڈرافٹ کا پرومو جاری کر دیا۔ دنیائے کرکٹ کی ایک مقبول کرکٹ لیگ 'پاکستان سپر لیگ' جس کا 10 واں ایڈیشن آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کی وجہ سے اپریل مئی میں منعقد کیا جائے گا۔ پی ایس ایل کی حتمی تاریخوں کا اعلان ہونا باقی ہے لیکن پاکستان کرکٹ بورڈ نے پلیئرز ڈرافٹنگ کا پرومو جاری کر دیا ہے۔ پی ایس ایل ٹین کی پلیئرز ڈرافٹ 11 جنوری کو ہوگی لیکن کہاں ہوگی؟ اس کا فیصلہ ہونا باقی ہے۔ ایک تجویز یہ بھی ہے کہ ڈرافٹنگ بیرون ملک کی جائے، لیکن اس کا فیصلہ رواں ہفتے ہونے والی پی ایس ایل میٹنگ میں کیا جاسکتا ہے۔ ذرائع کے مطابق ملکی اور غیر ملکی کھلاڑیوں کی رجسٹریشن کا آغاز رواں ہفتے ہوگا۔ ایونٹ میں 6 ٹیمیں کراچی کنگز، لاہور قلندرز، ملتان سلطانز، اسلام آباد یونائیٹڈ، پشاور زلمی اور کوئٹہ گلیڈی ایٹرز ایکشن میں ہوں گی۔

ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ، پاکستان نے اٹلی کو بھی مات دیدی

ہانگ کانگ (این این آئی) ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ میں پاکستان نے آخری گروپ میچ میں بھی اٹلی کو 3-0 سے شکست دے دی۔ ہانگ کانگ میں جاری ورلڈ ٹیم اسکواش چیمپئن شپ میں پاکستان نے اپنے تیسرے گروپ میچ میں بھی فتح حاصل کرلی۔ پیرو اور ہانگ کانگ کو ہرانے کے بعد منگل کو پاکستان نے اٹلی کو بھی 3-0 سے مات دے دی۔ ایونٹ میں پاکستان کی جانب سے نور زمان، ناصر اقبال اور عاصم خان نے فتوحات حاصل کیں۔ عاصم خان نے عمر زکی مسعود کو 11_8، 11_4 اور 11_7 سے ہرایا، نور زمان نے لورینزو استادر ینگو کو 11_4، 11_7 اور 11-5 سے ہرایا۔

سابق انگلش کپتان مائیکل وان کی ٹیسٹ کرکٹ کو چار دن تک محدود کرنے کی تجویز

آج کے کھلاڑی جلد جیتنے کی کوشش کرتے ہیں، جس کی وجہ سے میچ کا نتیجہ پانچ روز سے قبل ہی ہوجاتا ہے



لندن (این این آئی) سابق انگلش کپتان مائیکل وان نے ٹیسٹ کرکٹ کو 4 دن تک محدود کرنے کی تجویز پیش کر دی۔ تفصیلات کے مطابق جاوید میانداد، مدثر نذر، ظہیر عباس، سنیل گاوسکر، سچن ٹنڈولکر، ویوین رچرڈز، مائیک گیٹنگ سمیت دنیا بھر کی ٹیموں کے بے شمار کھلاڑیوں نے ٹیسٹ کرکٹ میں شاندار کارکردگی سے لاکھوں پرستاروں کے دلوں پر راج کیا۔ البتہ ون ڈے کے بعد ٹی ٹوئنٹی 20 نے طویل طرز کی کرکٹ کو خاصا نقصان پہنچایا ہے، مار دھاڑ کے کھیل کی وجہ سے کرکٹرز کے اسٹیمنا میں بھی خاصی حد تک کمی واقع ہوئی جس کی وجہ سے دنیا بھر میں ہونے والے زیادہ تر میچز تین، چار روز میں ہی ختم ہو جاتے ہیں۔ انگلش کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان مائیکل وان نے ٹیسٹ کرکٹ کی ساکھ بچانے کے لیے اسے چار روزہ تک محدود کرنے کی تجویز دی ہے، انھوں نے کہا کہ جدید تیز رفتار کھیل کی وجہ سے میچ اکثر چار دنوں میں ہی مکمل ہو جاتا ہے، اس وجہ سے پانچواں دن غیر ضروری لگتا ہے۔

زمبابوے کے سابق فاسٹ بولر ہینری اولونگا پینٹر بن گئے

بھارت اور آسٹریلیا کے دوسرے ٹیسٹ میچ کے دوران ایڈیلیڈ میں انہیں اسٹیڈیم میں پینٹنگ کرتے دیکھا گیا

ہرارے (این این آئی) زمبابوے کے سابق فاسٹ بولر ہینری اولونگا کیریئر کے اختتام کے بعد پینٹر بن گئے۔ بھارتی میڈیا کے مطابق 2019ء میں سابق فاسٹ بولر کی ایک ویڈیو سامنے آئی تھی جس میں ان کو گلوکاری کے مقابلے میں حصہ لیتے دیکھا گیا تھا۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق اب 48 سالہ ہینری اولونگا سماجی کاموں کے لیے پارٹ ٹائم پینٹر ہیں۔ وہ بھارت اور آسٹریلیا کے دوسرے ٹیسٹ میچ کے دوران ایڈیلیڈ میں بھی موجود تھے۔ اس موقع پر انہیں اسٹیڈیم میں پینٹنگ کرتے ہوئے دیکھا گیا تھا۔ بھارتی میڈیا کے مطابق ہینری اولونگا کو چنگ اور امپائرنگ بھی کرتے ہیں۔ ان کا کہنا ہے کہ مجھے آسٹریلیا پسند ہے، میں نے آسٹریلوی خاتون سے شادی کی اور میرے 2 بچے ہیں۔

اس تاثر کو زائل کیا جاسکے گا کہ طاقتور احتساب سے بالاتر ہے، شاہد آفریدی

فیض حمید کیخلاف کارروائی سے موجودہ قیادت کے خود احتسابی کے بیانیے کو تقویت ملے گی، انٹرویو



کراچی (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان شاہد آفریدی نے کہا ہے کہ لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کے خلاف کارروائی کے آغاز سے موجودہ قیادت کے خود احتسابی کے بیانیے کو مزید تقویت حاصل ہوگی اور اس تاثر کو زائل کیا جاسکے گا کہ طاقتور احتساب سے بالاتر ہے۔ قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان کا یہ بیان ایسے وقت میں سامنے آیا جبکہ فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کا سامنا کرنے والے پاک فوج کے لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کو پاکستان آرمی ایکٹ کی دفعات کے تحت باضابطہ طور پر چارج شیٹ کر دیا گیا۔ پاک فوج کے شعبہ تعلقات عامہ (آئی ایس پی آر) کے فیض حمید سے متعلق بیان پر ردعمل ظاہر کرتے ہوئے شاہد آفریدی نے کہا کہ ترجمان پاک کی جانب سے جاری کردہ پریس ریلیز کے مطابق لیفٹیننٹ جنرل (ر) فیض حمید کے خلاف فرد جرم عائد کر کے فیلڈ جنرل کورٹ مارشل کی باقاعدہ کارروائی کا آغاز کر دیا گیا ہے۔

وائرل ویڈیو؛ جب کرسٹیانو رونالڈو کا بیٹا ''انشاءاللہ، انشاءاللہ'' پکار اٹھا



لزبن (این این آئی) عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو کے بیٹے کا انٹرویو کرنے والے مسٹر بیٹ اس وقت حیران رہ گئے جب اس نے انشاءاللہ کہا۔ پرتگال سے تعلق رکھنے والے عالمی شہرت یافتہ فٹبالر کرسٹیانو رونالڈو نے سعودی فٹبال کلب النصر سے منسلک ہونے کے بعد دو سال سے مملکت میں خاندان کے ہمراہ سکونت اختیار کی ہوئی ہے۔ اس قیام کا اثر یہ ہوا کہ رونالڈو مسلم اور عرب ثقافت میں رنگ گئے اور مختلف مواقع پر وہ نہ صرف اسلامی بود و باش اختیار کرتے ہیں بلکہ عربی زبان میں مروجہ اسلامی الفاظ جیسے السلام علیکم، ان شا اللہ کا بھی استعمال کرتے ہیں۔ تاہم باپ کو دیکھ کر جونیئر رونالڈو بھی اسی رنگ میں رنگ گیا اور ایک انٹرویو کے دوران سرشٹہ عربی لہجے میں بولا کہ انشاءاللہ، انشاءاللہ۔

اتفاق میں برکت، چیمپئنز ٹرافی' رواں ہفتے ہی کسی فیصلے کا امکان بڑھ گیا

بیشتر معاملات پر بھارتی بورڈ، آئی سی سی اور پی سی بی کے درمیان اتفاق ہوچکا، ذرائع

دبئی (این این آئی) آئی سی سی چیمپئنز ٹرافی کے حوالے سے رواں ہفتے ہی کسی فیصلے کا امکان بڑھ گیا۔ پاکستان کرکٹ بورڈ (پی سی بی) کے ہائبرڈ ایک بار پھر دبئی پہنچ کر انٹرنیشنل کرکٹ کونسل (آئی سی سی) کیساتھ مذاکرات میں مصروف ہیں جبکہ ذرائع کا بتانا ہے کہ بیشتر معاملات پر اتفاق ہوچکا ہے۔ تفصیلات کے مطابق چیمپئنز ٹرافی کیلئے بھارت نے اپنی ٹیم کو پاکستان بھیجنے سے انکار کر دیا تھا، وہ ہائبرڈ ماڈل کے تحت اپنے میچز متحدہ عرب امارات (یو اے ای) میں کھیلنا چاہتا ہے، پی سی بی نے بھی سخت موقف اپنایا اور پارٹنر شپ یا فیوژن فارمولہ پیش کر دیا، اس کے تحت آئندہ 3 برس تک دونوں ممالک میں ہونے والے آئی سی سی ایونٹس میں ان کی ٹیمیں اپنے میچز یو اے ای میں کھیلیں گی۔ ابتدا میں بھارت نے ناز نخرے دکھائے البتہ پھر بیشتر شرائط مان لیں، البتہ بعض پر اعتراض جاری رہا جس کی وجہ سے تاحال چیمپئنز ٹرافی کا شیڈول بھی جاری نہیں ہوسکا۔ اس حوالے سے گزشتہ 3،2 دن خاموشی چھائی رہی البتہ ذرائع کے مطابق پس پردہ مذاکرات جاری ہیں، پی سی بی کے ساتھ سی او اسلمان نصیر گزشتہ کئی روز سے دبئی میں ہی موجود ہیں جبکہ موجودہ سی او اسمیر سید بھی وہاں پہنچ چکے ہیں۔ دونوں کی گزشتہ روز بھی آئی سی سی حکام سے بات چیت جاری رہی، بھارتی بورڈ کے ساتھ اب براہ راست مذاکرات نہیں ہو رہے بلکہ عالمی کونسل معاونت کر رہی ہے۔ پاکستان نے بھارتی ٹیم کے نہ آنے پر مالی نقصان کی تلافی کیلئے بعض تجاویز دی تھیں ان پر ڈیڈ لاک قائم ہوگیا البتہ اب معاملات مثبت سمت میں آگے بڑھتے دکھائی دے رہے ہیں۔

شاہین آفریدی نے ٹی 20 انٹرنیشنلز میں 100 وکٹیں مکمل کرلیں

ڈربن (این این آئی) پاکستان کرکٹ ٹیم کے فاسٹ باؤلر شاہین شاہ آفریدی نے ٹی 20 انٹرنیشنلز میں 100 وکٹیں مکمل کرلیں۔ انہوں نے کارنامہ ڈربن میں جنوبی افریقہ کے خلاف 3 ٹی 20 میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں انجام دیا۔ جنوبی افریقہ نے 3 میچوں کی سیریز کے پہلے میچ میں پہلے بلے بازی کرتے ہوئے پاکستان کو جیت کے لیے 184 رنز کا ہدف دیا ہے جب کہ ہدف کے تعاقب میں گرین شرٹس کی بیٹنگ جاری ہے۔ اس میچ میں شاہین شاہ آفریدی نے اپنے ٹی 20 کیریئر کی 100 وکٹیں مکمل کرلیں، وہ مینز ٹی 20 انٹرنیشنلز میں 100 وکٹیں لینے والے تیسرے پاکستانی ہیں۔ ان کے علاوہ پاکستان کی جانب سے فاسٹ باؤلر حارث رؤف اور لیگ اسپنر شاداب خان بھی ٹی 20 انٹرنیشنلز میں 100 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی شاہین آفریدی نے ایک اور اہم ریکارڈ اپنے نام کرلیا، وہ انٹرنیشنل کرکٹ کے تینوں فارمیٹس میں 100 وکٹیں لینے والے پہلے پاکستانی کرکٹر بن گئے ہیں۔ شاہین شاہ آفریدی ون ڈے کرکٹ میں 112 اور ٹیسٹ کرکٹ میں 116 وکٹیں حاصل کر چکے ہیں۔





نیک ٹوئسٹنگ مساج نے تھائی گلوکارہ کی جان لے لی

ڈاکٹروں نے جان بچانے کیلئے سر توڑ کوشش کی لیکن وہ کومے میں چلی گئی اور پھر جانبر نہ ہوسکی

بنکاک (این این آئی) نوجوان گلوکارہ کی گردن مروڑنے والے مساج کے نتیجے میں ہونے والی موت نے تھائی عوام کو ہلا کر رکھ دیا، بتایا جاتا ہے کہ اس مساج کے دوران گلوکارہ کی گردن میں ہرنی ایٹڈ اسپائن ڈسک ہل کر سلپ ہوگئی تھی۔ فنگ چیاڈا نامی نوجوان گلوکارہ کی موت کے بعد ڈاکٹروں نے تھائی لینڈ میں نیک ٹوئسٹنگ مساج (گردن مروڑنے والا مساج) کرانے کے خطرات سے آگاہی پر مہم وارننگ جاری کی ہے۔ تھائی لینڈ کے علاقے اوڈون تھانی کی اس خاتون کی موت مذکورہ بالا مساج سے پیدا ہونے والی پیچیدگیوں کی وجہ سے ہوئی جو کہ اپنے آبائی علاقے کے ایک مساج مرکز میں گردن کی مساج کیلئے گئی تھی۔ گلوکارہ کی ماں کے مطابق ان کی بیٹی کو کچھ عرصے سے کندھے پر تکلیف تھی جس پر وہ اسپتال جانے کے بجائے مقامی مساج اسٹوڈیو چلی گئی، اسے ہمیشہ سے مساج بہت پسند تھا تو اس نے سوچا کہ اسے مساج کرانے سے تکلیف سے نجات ملے گی اور اس نے گردن مروڑنے والا مساج کرالیا۔ دو دن بعد اسے اپنے گردن میں شدید درد محسوس ہوا اور صورتحال بگڑنا شروع ہوئی، جس کے بعد گزشتہ ماہ کے اوائل میں اس نے اپنے فیس بک اکاؤنٹ پر اپنی کیفیت بھی شیئر کی۔

شاہ رخ خان کی دہلی میں ایک شادی کی تقریب میں شرکت، کوئی معاوضہ وصول نہیں کیا



نئی دہلی (این این آئی) بالی وڈ سپر اسٹار شاہ رخ خان نے حال ہی میں دہلی میں ایک شادی کی تقریب میں شرکت کی جس کی ویڈیوز سوشل میڈیا کی زینت بن رہی ہیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل تصاویر پر صارفین نے حیرانی کا اظہار کیا اور سوالات کیے کہ دلہا دلہن کوئی معروف شخصیات نہیں تھیں پھر بھی شاہ رخ نے اس شادی میں شرکت کی تو ضرور انہوں نے کوئی معاوضہ لیا ہوگا۔ انسٹاگرام پر ایک میک اپ آرٹسٹ امرت کور نے ویڈیو پوسٹ کی جس میں شاہ رخ دلہن کے ہمراہ اسٹیج پر موجود ہیں اور پرفارم کر رہے ہیں جب کہ اداکار نے دلہن کی تعریف بھی کی۔ اسی ویڈیو پر ایک صارف نے تبصرہ کیا کہ اس شادی میں شرکت کے شاہ رخ نے کتنے پیسے لیے ہوں گے۔ جواب میں میک اپ آرٹسٹ نے کہا شاہ رخ ان کے فیملی فرینڈ ہیں، اس لیے انہوں نے کوئی رقم وصول نہیں کی۔ کچھ سوشل میڈیا صارفین نے اندازہ لگاتے ہوئے یہ بھی کہا کہ شاہ رخ نے یقیناً کروڑوں وصول کیے ہوں گے کیونکہ اداکار شادیوں میں بغیر معاوضہ لیے نہیں جاتے۔

ہالی ووڈ کی مشہور فلم کے جوتے 9 ارب روپے میں نیلام

یہ نیلامی ڈیلاس میں قائم ہیریٹیج آکشنز کے ذریعے کی گئی تاہم انتظامیہ نے خریدار کی شناخت ظاہر نہیں کی

ڈیلاس (این این آئی) ہالی ووڈ کی 1939 کی کلاسک فلم ''وزرڈ آف اوز'' میں اداکارہ جوڈی گارلینڈ کے پہنے گئے مشہور روبی جوتے حال ہی میں 7 ارب 80 کروڑ روپے) 2 کروڑ 80 لاکھ ڈالر (میں نیلام کیے گئے۔ نیلامی میں خریداری فیس شامل کرکے کل رقم (نو ارب روپے) 3 کروڑ 25 لاکھ ڈالر بنی، جو ہالی ووڈ کی یادگاروں کی تاریخ میں اب تک کی سب سے بڑی قیمت ہے۔ یہ نیلامی ڈیلاس میں قائم ہیریٹیج آکشنز کے ذریعے کی گئی، تاہم انتظامیہ نے خریدار کی شناخت ظاہر نہیں کی۔ یہ جوتے مشہور ڈیزائنر ایڈریان نے جوڈی گارلینڈ کے لیے خاص طور پر تیار کیے تھے۔ سرخ سلک اور موتیوں سے بنے یہ جوتے فلم کی شوٹنگ میں مختلف مواقع پر استعمال کیے گئے، جن میں ڈانسنگ سینز اور کلوز اپ شاٹس شامل ہیں۔ نیلام ہونے والے جوتے فلم میں نظر آنے والے اصلی جوڑے سے میل کھاتے ہیں۔ ان جوتوں کو 2005 میں جوڈی گارلینڈ میوزیم مینیسوٹا سے چوری کیا گیا تھا، یہی سالوں بعد 2018 میں ایف بی آئی نے انہیں بازیاب کرایا، اور ان کے اصل ہونے کی تصدیق سمتھسونین انسٹیٹیوشن نے کی تھی۔

شردھا کپور کی ہالی وڈ اسٹار اینڈریو گارفیلڈ کیساتھ نے انٹرنیٹ پر ہلچل مچادی

جدہ (این این آئی) شردھا کپور نے سعودی عرب کے شہر جدہ میں منعقد ہونے والے ریڈ سی انٹرنیشنل فلم فیسٹیول کے ریڈ کارپٹ پر اپنی دلکش موجودگی سے سب کو حیران کر دیا۔ معروف بھارتی ڈیزائنر فلگنی شین پی کاک کے ڈیزائن کردہ شاندار لباس میں شردھا نے ہر نگاہ اپنی طرف کھینچ لی اور تقریب میں ہالی وڈ اسٹار اینڈریو گارفیلڈ کے ساتھ ان کی تصویر نے انٹرنیٹ پر ہلچل مچادی۔ شردھا نے ریڈ کارپٹ کے لیے رنگ محل کولیکشن سے ایک شاندار گاؤن منتخب کیا۔ اس اسٹریپ لیس گاؤن میں گہری نیک لائن اور میرمیڈ سلویٹ کے ساتھ خوبصورت پھولوں سے متاثر ڈیزائن شامل تھا۔ نیلی رنگ کی دوپٹے جیسی ڈریپ اور لمبی ٹرین نے ان کے لباس کو منفرد بنا دیا۔ اینڈریو گارفیلڈ، جو اپنی فلم دی امیزنگ اسپائیڈرمین کے لیے مشہور ہیں۔

عامر خان اور رجنی کانت 30 سال بعد فلم ''کولی'' میں پھر ایک ساتھ

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سپر اسٹار عامر خان نے جنوبی بھارت کے سپر اسٹار رجنی کانت کی آنے والی فلم ''کولی'' کے لیے شوٹنگ کا آغاز کر دیا ہے۔ فلم کے ہدایت کار لوکیش کانا گراج ہیں، اور اس میں اداکارہ شروتی ہاسن بھی اہم کردار میں نظر آئیں گی۔ عامر خان اور رجنی کانت تقریباً 30 سال بعد ایک ساتھ کسی فلم میں نظر آئیں گے۔ اس سے پہلے یہ دونوں اداکار 1995 کی فلم ''آتنک ہی آتنک'' میں ایک ساتھ کام کر چکے ہیں۔ اس فلم میں عامر خان کے کردار کو ایکشن سے بھرپور اور یادگار قرار دیا جا رہا ہے۔ فلم ''کولی'' کی شوٹنگ ان دنوں جے پور، راجستھان میں جاری ہے، جہاں عامر خان نے اپنے مختصر لیکن اثر انگیز کردار کے لیے شوٹنگ کا آغاز کیا ہے۔ فلمی ذرائع کے مطابق، یہ ایک ایکشن سے بھرپور کیمیو ہوگا جو فلم کے شائقین پر گہرا تاثر چھوڑے گا۔

اکشے کمار کی ہارر کامیڈی فلم ''بھوت بنگلہ'' 2 اپریل 2026ء کو ریلیز ہوگی

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے سپر اسٹار اکشے کمار نے اپنی آنے والی ہارر کامیڈی فلم ''بھوت بنگلہ'' کی ریلیز کی تاریخ کا اعلان کر دیا ہے۔ فلم 2 اپریل 2026 کو سینما گھروں میں پیش کی جائے گی اور اس فلم کے ذریعے اکشے اور مشہور ہدایت کار پریہ درشن 14 سال بعد دوبارہ ایک ساتھ کام کر رہے ہیں، جس کی وجہ سے مداحوں میں بے پناہ جوش و خروش پایا جا رہا ہے۔ اکشے کمار نے سوشل میڈیا پر فلم کا پہلا پوسٹر جاری کیا، جس میں وہ پرانے زمانے کے ڈیٹیکٹیو کے لباس میں نظر آرہے ہیں۔ پوسٹر میں ایک پراسرار گوتھک مینشن اور چمگادڑوں کے ساتھ طوفانی آسمان دکھایا گیا ہے، جو فلم کے ہارر کامیڈی پہلو کو اجاگر کرتا ہے۔

اداکارہ سونم باجوہ آئندہ سال اسکرین پر نامور اداکار کے ساتھ نظر آئیں گی

ممبئی (این این آئی) بھارت کی پنجابی فلم انڈسٹری سے تعلق رکھنے والی مشہور اداکارہ سونم باجوہ آئندہ سال اسکرین پر نامور اداکار کے ساتھ نظر آئیں گی۔ انڈین میڈیا کی رپورٹس کے مطابق سونم باجوہ کو فلمساز ساجد ناڈیاڈ والا کی ایکشن سے بھرپور فرنچائز 'باغی 4' کی کاسٹ میں شامل کرلیا گیا اور اب وہ اداکار ٹائیگر شروف کے ساتھ جلوہ گر ہوں گی۔ فلمسازوں نے اداکارہ کی کاسٹ میں شمولیت کا اعلان سوشل میڈیا کے ذریعے کیا۔ پوسٹ شیئر کی گئی کہ 'ہاؤس فل یونیورس کے قہقہوں سے لے کر ایکشن سے بھرپور باغی یونیورس تک، سونم باجوہ شو کو چرانے کیلئے آگئیں۔ ان کو باغی 4 میں خوش آمدید کہتے ہیں'۔ یاد رہے کہ ہاؤس فل 5 کے بعد سونم باجوہ ساجد ناڈیاڈ والا کے ساتھ دوسری مرتبہ کام کریں گی۔ کاسٹنگ کے اعلان نے اداکارہ کے مداحوں کو پرجوش کر دیا جو اب سوچ رہے ہیں کہ کیا وہ انہیں ایکشن سے بھرپور اوتار میں دیکھ سکیں گے؟

اداکارہ ماہرہ خان نے شاہ رخ خان کو اپنا بچپن کا پیار قرار دیدیا

میں خود سے کبھی شاہ رخ کا ذکر نہیں کرتی بلکہ سوال کئے جانے پر ہی جواب دیتی ہوں



کراچی (این این آئی) پاکستان کی مشہور اداکارہ ماہرہ خان نے حال ہی میں انٹرنیٹ پر ہونے والی تنقید کا جواب دیا، جس میں دعویٰ کیا جا رہا تھا کہ وہ اپنی کامیابی کے لیے بالی وڈ کنگ شاہ رخ خان کا نام استعمال کرتی ہیں۔ ماہرہ نے واضح کیا کہ وہ خود سے کبھی ان کا ذکر نہیں کرتیں بلکہ سوال کیے جانے پر ہی جواب دیتی ہیں۔ عالمی اردو کانفرنس 2024 کے دوران ایک گفتگو میں، ماہرہ سے پوچھا گیا کہ کیا وہ بار بار شاہ رخ خان کے بارے میں سوالات کیے جانے سے تنگ آتی ہیں۔ اس پر ماہرہ نے جواب دیا، مجھ سے کوئی پوچھتا ہے تو میں جواب دیتی ہوں، خود سے میں کبھی ان کے بارے میں بات نہیں کرتی۔ ماہرہ نے مزید کہا کہ اگر لوگ سمجھتے ہیں کہ وہ شاہ رخ خان کا ذکر کر کے فائدہ اٹھاتی ہیں، تو ان سے گزارش ہے کہ ان سے اس بارے میں سوال نہ کریں۔ ماہرہ نے شاہ رخ خان کو اپنا ''بچپن کا پیار'' بھی قرار دیا اور کہا، آپ مجھ سے پوچھیں ہی نہ، میں کبھی ذکر نہ کروں۔

طلاق کے بعد عورت بہت زیادہ مشکلات کا شکار ہوجاتی ہے، سلمیٰ

کراچی (این این آئی) پاکستان شوبز کی اداکارہ سلمیٰ حسن اپنی دوسری شادی سے متعلق بات کرتے ہوئے آبدیدہ ہوگئیں۔ معروف اداکارہ سلمیٰ حسن نے حالیہ ایک پروگرام میں اپنی ذاتی زندگی اور دوبارہ شادی نا کرنے کی وجہ پر کھل گفتگو کی۔ سلمہ حسن نے بتایا کہ انہوں نے معروف ہدایتکار اور پروڈیوسر اتفر علی سے طلاق کے بعد اپنی زندگی اپنی بیٹی فاطمہ کے لئے وقف کر دی ہے اور وہ اس کے علاوہ کسی دوسرے رشتے میں نہیں رہنا چاہتیں۔ سلمیٰ نے پروگرام میں وضاحت دی کہ طلاق کے بعد عورت بہت زیادہ مشکلات کا شکار ہوجاتی ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ ایسے موقع پر دوسری شادی کے بارے میں سوچا بھی جاسکتی ہے، مگر اعتماد اور احساسات کی بحالی میں وقت لگتا ہے جس سے پہلے شادی نہ کرنا بہتر ہے۔ اداکارہ بیٹی اور دوسری شادی سے متعلق بات کرتے ہوئے جذبات پر قابو نہ رکھتے ہوئے آبدیدہ ہوگئیں انہوں نے کہا کہ ان کی سب سے پہلی ترجیح ان کی بیٹی ہے، اسلئے وہ کسی نئے رشتے میں نہیں رہ سکیں تاکہ اپنی بیٹی کو مکمل توجہ دی سکیں۔ یاد رہے کہ سلمیٰ اپنے کیریئر کی شروعات کے دنوں میں اظفر علی سے رشتہ ازدواج میں منسلک ہوئی تھیں تاہم 2012 میں اس جوڑے نے راہیں جدا کرلیں تھیں ان دونوں کی ایک بیٹی بھی ہے۔

روزنامہ قوت لاہور
چیف ایڈیٹر میاں محمد ریاض

صنعت وتجارت نیوز

معیشت نامہ

میاں شاہد جٹ/سید ندیم اقبال کی جانب سے میاں شعیب بٹالوی

کوچیئرمین ینگ ایکسپورٹر ایسوسی ایشن منتخب ہونے پر مبارکباد پیش



احمد تاج اوران کی ٹیم کو منتخب ہونے پر مبارکباد پیش کرتا ہوں اور امید ہے کہ وہ پاکستان کی ایکسپورٹ بڑھانے میں اپنا کردار ادا کریں گے بتایا کہ آرمی چیف کی کوششوں سے ڈالر نیچے ایا ہے اور اس میں مزید بہتری ائے گی جس سے پاکستان کی معیشت بہتر ہوگی اس موقع پہ شعیب بٹالوی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ لاہور چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری نے مجھ پر جو اعتماد کا اظہار کیا ہے اس پر پورا اترنے کی کوشش کروں گا ہم اپنے پرائم منسٹر اور آرمی چیف صاحب کے ویژن کو اگے لے کے بڑھیں گے جنرل عاصم منیر کو ملکی معیشت بہتر کرنے پر ان کی کاوشوں کو سلوٹ پیش کرتے ہیں ۔میرا ویژن ہے کہ میں سکول آف ایکسپورٹ شروع کروں جہاں طلباء و طالبات کو ایکسپورٹ کی فری ٹریننگ دی جاسکے جس سے وہ نوکری کی بجائے پاکستان کی ایکسپورٹ بڑھانے پر توجہ دیں تا کہ ایکسپورٹس کو بہتر کرنے کی کوشش کی جاسکے اور تاجر برادری کے تمام مسائل کو انشاءاللہ جلد سے جلد ختم کرنے کی کوشش کریں گے ایکسپورٹس بہتر ہونے پہ پاکستان ترقی کی راہ پر گامزن ہوگا میری تمام ایسوسیشن کے ممبران اور لاہور چیمبر کے زیر قیادت اپنی پاک فوج کے ساتھ ہیں اور ہم ان کے شانہ بشانہ ملکی معیشت کی بہتری کے لیے اہم اقدامات کریں اجلاس میں وائس چیئرمین میاں سہیل تاج اور کونسٹیر امتیاز محمود عربی کونسٹیر نامزد کر دیا گیا عربی کمیٹی ممبر معاذ چوہدری، حسن سپرا وہاب گجر سمیت ینگ ایکسپورٹرز کی کثیر تعداد نے شرکت کی۔

الہ آباد (نامہ نگار) عوامی پریس کلب ڈسٹرکٹ قصور کے بانی میاں شاھد جٹ صدر سید ندیم اقبال نے میاں شعیب بٹالوی کو ڈھیروں مبارکباد پیش کی تفصیلات کے مطابق چیمبر آف کامرس کے صدر میاں ابوذر نے ینگ ایکسپورٹر ایسوسی ایشن کے چیئرمین میاں شعیب بٹالوی اور وائس چیئرمین میاں سہیل احمد تاج جو کہ پچھلے 18 سال سے سالٹ گروپ اف کمپنیز کے نام سے ایکسپورٹ کے شعبے سے وابستہ ہیں اور اپنے کام میں بے پناہ مہارت رکھتے ہیں اور باقاعدہ طور پر ایکسپورٹ کے حوالے سے پہلی کتاب لکھنے کا اعزاز بھی رکھتے ہیں اور الیکشن میں ینگ ایکسپورٹر ایسوسیشن کی کاوشوں کو مدنظر رکھتے ہوئے میاں شعیب بٹالوی کو لاہور چیمبر اف کامرس کی سٹینڈنگ کمیٹی ایکسپورٹ افیئرز کا چیئرمین اور میاں سہیل تاج کو وائس چیئرمین اور امتیاز محمود عربی کو کونسٹیر نامزد کر دیا گیا نومینیشن کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے میاں ابوذر شاد نے کہا کہ میں شعیب بٹالوی اور میاں سہیل

بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤالدین کی چکوال میں مختلف محکموں کے سربراہان سے ملاقاتیں



چکوال (ایم ایوب سلطانی) مشیر وزیراعلیٰ پنجاب اویلیوشن اینڈ مانیٹرنگ کمیٹی بریگیڈیئر (ر) بابر علاؤ الدین کی چکوال آمد، چکوال میں مختلف محکموں کے سربراہان سے ملاقاتیں جبکہ میڈیا نمائندگان سے بھی ایک گھنٹے کی نشست رکھی گئی اس موقع پر ڈپٹی کمشنر چکوال میڈم قرا تالعین ملک ایڈیشنل کمشنر یونیو خاور بشیر اے سی ہیڈکوارٹر ڈاکٹر ارسلان انفارمیشن آفیسر حبیب زیدی بھی موجود تھے، مشیر وزیراعلیٰ پنجاب نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میری ضلع چکوال میں آمد کا مقصد یہاں پر موجود عوامی مسائل سے آگاہی حاصل کرنا ہے تا کہ یہاں سے واپسی کے بعد میں وزیراعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کو ان مسائل کے بارے میں آگاہ کر سکوں ۔اس موقع پر صحافی و کالم نگار نائب صدر چکوال پریس کلب رجسٹرڈ راجہ افتخار احمد نے مشیر وزیراعلیٰ پنجاب کی توجہ دو اہم مسئلوں کی طرف مبذول کروائی جس میں پہلے نمبر پر ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال میں دوائیوں کی عدم دستیابی اسپیشلسٹ ڈاکٹروں کا نہ ہونا اور وسائل کی کمی شامل ہے جبکہ اس موقع پر ایم ایس ڈسٹرکٹ ہیڈکوارٹر ہسپتال چکوال شیخ رفتار کی شب و روز محنت کا بھی ذکر ہوا۔ دوسرا اہم مسئلہ بلدیہ چکوال میں سائلین کے سینکڑوں کمرشل وگھریلو نقشے منظوری کے لیے پچھلے کئی ماہ سے رکے ہوئے ہیں جس کی وجہ کرسی کا خالی ہونا ہے مشیر وزیراعلیٰ پنجاب کی توجہ اس جانب مبذول کروائی گئی کہ جنوبی پنجاب سے ایک آفیسر کو ایڈیشنل چارج دیا گیا ہے جو ہفتے میں دو دن چکوال محض چند گھنٹوں کے لیے تشریف لاتے ہیں۔

ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا بنیادی مرکز صحت جبانہ تحصیل لالیاں کا اچانک دورہ



لالیاں (رانا کاشف کلیم سے) ڈپٹی کمشنر صفی اللہ گوندل کا بنیادی مرکز صحت جبانہ تحصیل لالیاں کا اچانک دورہ، ڈپٹی کمشنر نے مرکز صحت میں طبی انتظامی امور کا جائزہ لیا تفصیلات کے مطابق ڈپٹی ڈپٹی کمشنر نے بنیادی مرکز صحت جبانہ کا دورہ کیا۔اس موقع پر ڈاکٹر روشاف کی حاضری، ادویات کی دستیابی اور صفائی ستھرائی کا جائزہ لیا اور مزید بہتری کیلئے ہدایات جاری کیں، ڈپٹی کمشنر نے مرکز صحت جبانہ میں 16 دسمبر سے شروع ہونی والی پولیو مہم کے سلسلہ میں پولیو ٹیموں کی ٹریننگ کے جاری سیشن کا بھی جائزہ لیا، سی او ہیلتھ ڈاکٹر شہزاد خلیل بھی موجود تھے، ڈپٹی کمشنر نے ٹریننگ لینے والے پولیو ورکرز، یوسی ایم اوز کو ہدایت کی کہ مائیکرو پلان کے مطابق پولیو مہم پر کام کیا جائے تا کہ کوئی بچہ حفاظتی قطرے پیے بغیر نہ رہ سکے۔

کاشتکاروں کے لیے تاریخی ریلیف پیکیج کا آغاز کر دیا گیا

ممبران صوبائی چوہدری جاوید احمد، موتیہ مسعود خالد، ڈپٹی کمشنر ودیگر نے افتتاح کر دیا



عارفوالا (نامہ نگار) وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ضلع پاکپتن کے کسانوں کاشتکاروں کے لیے تاریخی ریلیف پیکیج کا آغاز کر دیا گیا، ممبران صوبائی چوہدری جاوید احمد، موتیہ مسعود خالد نے ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر اور سابقہ ایم پی اے محمد واہد ڈوگر کے ہمراہ ڈی سی آفس میں منعقدہ تقریب میں وزیراعلیٰ پنجاب گرین ٹریکٹر مہم کا افتتاح کر دیا، اس موقع پر ڈائریکٹر زراعت توسیع ساہیوال چوہدری محمد شہباز، ڈپٹی ڈائریکٹر زراعت توسیع ریاض احمد سمیت محکمہ زراعت و محکموں کے افسران اور کسانوں، کاشتکاروں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی، ممبران صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید احمد اور موتیہ مسعود خالد نے ڈپٹی کمشنر سعدیہ مہر و سابقہ ایم پی اے محمد واہد ڈوگر کے ہمراہ کسانوں، کاشتکاروں میں گرین ٹریکٹرز کی چابیاں تقسیم کیں، ممبر صوبائی اسمبلی چوہدری جاوید احمد نے کہا کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کسانوں کاشتکاروں کو ریلیف کی فراہمی کے لیے ہر دم کوشاں ہیں۔

صوبے میں 10 ارب کا وزیراعلیٰ پنجاب لائیوسٹاک پروگرام شروع کر دیا، ڈپٹی کمشنر

مویشی پال زمینداروں کو 2 لاکھ 70 ہزار روپے تک کے بلاسود قرضہ جات دیے جائینگے



حافظ آباد (رانا آصف) ڈپٹی کمشنر حافظ آباد عبدالرزاق نے کہا ہے کہ وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز کی جانب سے لائیو سٹاک کی بہتری اور گوشت کی پیداوار کو بڑھانے کے لیے صوبہ بھر میں 10 ارب روپے سے زائد مالیت کا وزیراعلیٰ پنجاب لائیو سٹاک پروگرام شروع کر دیا گیا ہے۔ حافظ آباد میں محکمہ لائیو سٹاک کی جانب سے مویشی پال زمینداروں کو وزیراعلیٰ لائیو سٹاک کارڈ کے اجراء کا عمل شروع کر دیا گیا ہے۔ اس پروگرام کے تحت مویشی پال زمینداروں کو 2 لاکھ 70 ہزار روپے تک کے بلاسود قرضہ جات دیے جائینگے۔ محکمہ لائیو سٹاک کے زیر اہتمام مویشی پال زمینداروں کو وزیراعلیٰ لائیو سٹاک کارڈ جاری کرنے کی تقریب زرعی کمپلیکس میں منعقد ہوئی۔ جہاں ٹکٹ ہولڈر شیخ گلزار احمد، چودھری مظفر حسین تارڑ نے مویشی پال حضرات میں لائیو سٹاک کارڈ تقسیم کیے۔ ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر لائق احمد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ڈاکٹر وحید احمد سمیت محکمہ لائیو سٹاک، زراعت کے افسران اور مویشی پال زمیندار افتتاحی تقریب میں شریک تھے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ڈپٹی کمشنر کا کہنا تھا کہ وزیراعلیٰ مریم نواز کی سربراہی میں پہلی بار پنجاب بھر کے مویشی پال زمینداروں کو لاکھوں روپے کے بلاسود قرضہ جات دیے جا رہے ہے۔ انکا کہنا تھا کہ لائیو سٹاک کارڈ کا مقصد کٹے، بچھڑے اور دیگر مویشیوں سمیت گوشت کی زیادہ سے زیادہ اور بہتر پیداوار کیلئے پروگرام شروع کیا گیا ہے اور میرٹ پر رجسٹرڈ مویشی پال زمینداروں کو لائیو سٹاک کارڈز کا اجراء شروع کر دیا گیا ہے۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ایڈیشنل ڈائریکٹر لائیو سٹاک ڈاکٹر لائق احمد نے بتایا کہ ضلع بھر سے ایک ہزار سے زائد مویشی پال حضرات اپنی رجسٹریشن کروا چکے ہیں اور ابھی لائیو سٹاک کے تمام دفاتر میں رجسٹریشن کا عمل جاری ہے۔ انکا کہنا تھا کہ لائیو سٹاک کارڈ کے ذریعے مویشی پال زمینداروں کو بلا سود قرضہ جات دیئے جائینگے اور اس پروگرام کے تحت مویشی پال حضرات ایک لاکھ 35 ہزار سے 2 لاکھ 70 ہزار روپے تک اپنے جانوروں کیلئے ونڈا، منرل مکسچر اور دیگر خوراک حاصل کر سکیں گے۔

کھلاڑیوں کی فلاح وبہبود کے لیے کوشاں ہیں، خالد وسیم ایڈووکیٹ

گراؤنڈ کے متعلقہ تمام درپیش مسائل سے چھٹکارا دلایا جائے گا



سیالکوٹ (بیورو رپورٹ) کنوینر اتحاد گروپ محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کہا کہ کھلاڑیوں کی فلاح و بہبود کے لیے کوشاں ہیں ہمارے نوجوان ہمارا سرمایہ اور اثاثہ ہیں ان کی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے کے لیے تمام تر وسائل بروئے کار لانے کے لیے پرعزم ہیں کھلاڑیوں کے مسائل فوری طور پر حل کیے جائیں گے اور ان کو گراؤنڈ کے متعلقہ تمام درپیش مسائل سے چھٹکارا دلایا جائے گا اس کے لیے تمام فنڈز مہیا کیے جائیں گے کھلاڑیوں کے فلاح و بہبود اور ان کے کھیل کود کے اخراجات میں بھی تعاون کیا جا رہا ہے خیالات کا اظہار انہوں نے ماڈل ٹاؤن یونائٹڈ فٹبال کلب کی ٹیم سے گفتگو کرتے ہوئے کیا ماڈل ٹاؤن یونائٹڈ فٹبال کلب کی ٹیم نے کپتان اویس اسلم کی قیادت میں قائد محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ کی رہائش گاہ پر ان سے ملاقات کی ٹیم کے کوچ اصغر شہزاد، مہر جمیل، صدر ڈاکٹر سمیع اللہ رانجھا اور ٹیم کے کھلاڑیوں کی بڑی تعداد ان کے ہمراہ تھی محمد خالد وسیم ایڈووکیٹ نے کھلاڑیوں کو ایک لاکھ روپیہ دینے کا اعلان کیا۔

ڈسکہ: ایل پی جی فروخت کر نیوالے دکانداروں نے گیس کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا

ڈسکہ (کھہیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) سردی کی آمد کیساتھ ہی ڈسکہ اور گردونواح میں ایل پی جی فروخت کرنیوالے دکانداروں نے گیس کی قیمتوں میں اضافہ کر دیا اور فی کلو ایل پی جی 360 روپے میں فروخت ہو رہی ہے گیس کی لوڈشیڈنگ کی وجہ سے ایل پی جی اور جلانے والی لکڑی کی قیمتیں بڑھنے سے عوام شدید پریشانی کا شکار ہو گئے اکثر دوکاندار سلنڈر فروخت کرنے کیساتھ ساتھ ری فلنگ کر کے بھی گیس فروخت کر رہے ہیں جو کسی بھی وقت حادثہ کا باعث بن سکتی ہے

عوام کی صحت کیساتھ کھلواڑ کرنے والوں کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی سخت کارروائیاں جاری

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) عوام کی صحت کیساتھ کھلواڑ کرنے والوں کیخلاف پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی سخت کاروائیاں جاری، ڈائریکٹر جنرل پنجاب فوڈ اتھارٹی محمد عاصم جاوید کے وژن کے مطابق اور ایڈیشنل ڈائریکٹر آپریشنز پنجاب فوڈ اتھارٹی فیصل آباد ڈویژن طارق محمود گل کی ھدایات پر فوڈ سیفٹی ٹیم نے ڈپٹی ڈائریکٹر آپریشنز کے ہمراہ رات گئے شہر چنیوٹ کے مختلف داخلی اور خارجی مقامات پر ناکہ لگا کر دودھ بردار گاڑیوں میں موجود 10 ہزار لیٹر دودھ کا چیک کیا۔ ملاوٹی اور غیر معیاری دودھ کی تریسل کرنے پر 3500 لیٹر ملاوٹی اور معیاری دودھ موقع پر ضائع کروا دیا گیا۔ پنجاب فوڈ اتھارٹی چنیوٹ کی فوڈ سیفٹی ٹیمز باقاعدگی کے ساتھ دودھ کی مانیٹرنگ کر رہی ہیں۔

ٹرانسفارمر سے کرنٹ لگنے کے باعث 24 سالہ ٹرک کا ہیلپر جان کی بازی ہار گیا

وزیرآباد (نامہ نگار) ٹرانسفارمر سے کرنٹ لگنے کے باعث 24 سالہ ٹرک کا ہیلپر جان کی بازی ہار گیا۔ مین بازار میں سامان اتارنے کے بعد ڈرائیور موڑ کاٹتے کے لیے ٹرک کو ریورس کر رہا تھا کہ ٹرک ٹرانسفارمر کو چھو گیا جس کے نتیجہ میں بھائی پھیرو فیصل آباد کا رہائشی فرید نامی ہیلپر کرنٹ لگنے سے جاں بحق ہو گیا۔ پولیس تھانہ سٹی پولیس نے نعش کو ضروری کاروائی کے لیے سول ہسپتال منتقل کر دیا۔

نادرا رجسٹریشن سنٹر مرید کے شہریوں کو پریشان کرنے لگا

کئی کئی گھنٹے شہری لائن میں کھڑے رہنے لگے عملہ خوش گپیوں میں مصروف



مرید کے (کھہیل رپورٹر/نادرا رجسٹریشن سنٹر مرید کے شہریوں کو ذلیل خوار کرنے میں بازی لے گیا ٹوکن کے لیے لمبی لمبی قطاریں کئی کئی گھنٹے شہری لائن میں کھڑے رہنے لگے عملہ خوش گپیوں میں مصروف انچارج آفس اور سب انچارج آفس کا رویہ غیر مناسب شہریوں نے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کی اپیل کر دی تفصیلات کے مطابق تحصیل مرید کے میں قائم نادرہ رجسٹریشن سنٹر میں شہری رلنے لگے ٹوکن حاصل کرنے کے لیے کئی کئی گھنٹے لائن میں کھڑے ہو کر خواتین بزرگوں کو پریشانی کا سامنا پورا دن انتظار کے بعد اگلے دن آنے کا کہہ دیا جانے لگا عملہ اکثر خوش گپیوں میں مصروف شہریوں کے کسی سوال پر غیر مناسب رویہ استعمال کرنا معمول بن گیا انچارج اور سب انچارج کے کیبن تک پہنچنے کے لیے بھی مشکلات کا سامنا آفس انچارج اور سب آفس انچارج شہریوں کے مسائل حل کرنے میں بلکل ناکام دکھائی دینے لگے گورمنٹ کے نئے بلڈنگ کی الاٹمنٹ کے باوجود شہری سہولیات سے محروم شہریوں نے مسائل حل کرنے خوش اخلاق عملہ کی تعیناتی اور ٹوکن حاصل کرنے کے لیے گھنٹوں ذلیل ہونے سے بچانے کے اقدامات کے لے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کی اپیل کی ہے (سب انچارج آفس کا موقف دینے سے اور نام بتانے سے انکار)

ڈسکہ: آوارہ کتوں نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا

کتے سرکاری ہسپتالوں، شاہراوں، گلی محلوں اور سکولوں کے گرد ٹولیوں کی شکل میں گھومنے لگے

ڈسکہ (کھہیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) ڈسکہ شہر و گردونواح میں آوارہ کتوں نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا، کتے سرکاری ہسپتالوں، شاہراوں، گلی محلوں اور سکولوں کے گرد ٹولیوں کی شکل میں گھومنے لگے، چند آوارہ کتوں نے سرکاری ہسپتال اور دفاتر میں بھی ڈیرے جمالیے شہریوں کا آوارہ کتوں کو تلف کرنے کا مطالبہ ڈسکہ شہر اور گردونواح میں آوارہ کتوں نے شہریوں کا جینا دوبھر کر دیا۔ آوارہ کتے اہم شاہراوں کے ساتھ ساتھ ہسپتال، گلی محلوں اور سکولوں کے ارد گرد گھومتے پھرتے دکھائی دیتے ہیں جو اب تک بچوں سمیت درجنوں افراد کو زخمی کر چکے ہیں لیکن محکمہ صحت اور میونسپل کمیٹی کی جانب سے ان آوارہ کتوں کو تلف کرنے پر کوئی توجہ نہیں دی جا رہی ہے جس کی وجہ سے سکولوں اور کالجوں میں جانے والے طلبہ وطالبات اور صبح کے وقت سیر کیلئے آنے والے مرد وخواتین اور شہریوں میں بھی خوف و ہراس پایا جا رہا ہے بالخصوص بینک روڈ اسٹیڈیم روڈ، ماڈل ٹاؤن، کالج روڈ، پسرور روڈ ان آوارہ کتوں کی آماجگاہ بن چکے ہیں جبکہ سرکاری دفاتر اسسٹنٹ کمشنر آفس محکمہ مال آفس میں بچوں کے نیچے ان آوارہ کتوں نے اپنے مسکن بنا رکھے ہیں جس کی وجہ سے ان دفاتر میں آنے والے سائلین خوف اور پریشانی کا شکار ہوتے ہیں شہریوں نے ڈپٹی کمشنر سیالکوٹ سے مطالبہ کیا ہے کہ ان آوارہ کتوں کو تلف کرنے کیلئے فوری اقدامات کئے جائیں

ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ کے زیر اہتمام تقریب کا انعقاد

مہمان خصوصی ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر اینڈ بیت المال ملک شہباز خان کھوکھر اور صدارت شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ نے کی

مہدی الطاف حسین ملک، راجہ ریاض احمد خان، پیر زادہ اقبال حسین، شورش علی آزاد، مہر قاسم اور ملک سردار علی نے انسانی حقوق کے حوالے سے اپنے خیالات کا اظہار کیا صدر ہیومن رائٹس اینڈ ویلفیئر کونسل رجسٹرڈ شوکت علی آزاد ایڈووکیٹ نے اپنے خطاب میں کہا کہ آج کے دن منانے کا مقصد عام انسان کو شعور و آگاہی دینا ہے کہ وہ 10 دسمبر 1948 اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی سے پاس کردہ قوانین کے مطابق آزاد پیدا ہوا ہے اس کو کوئی بھی دوسرا شخص غلام نہیں بنا سکتا پاکستان میں انسانی حقوق کی خلاف ورزی میں برسر اقتدار طبقہ اور بیوروکریسی نے کوئی کسر نہیں چھوڑی ہے تمام معاملات حاصل کرنے میں ایک دوسرے سے بازی لینے میں دوڑ لگی ہے لیکن عام انسان تھانوں کچہریوں میں انصاف کے حصول کے لئے ذلیل وخوار ہو رہا ہے تقریب کے اختتام پر ایک ریلی بھی نکالی گئی

دوگروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ گولی لگنے سے راہ گیر نوجوان شدید زخمی

ڈسکہ (کھہیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) دو گروپوں میں فائرنگ کا تبادلہ گولی لگنے سے راہ گیر نوجوان شدید زخمی تھانہ موتزہ کے علاقہ سمجھ کالا کا اویس اپنے بیٹے کے ہمراہ سڑک پر جا رہا تھا کہ اسی دوران دوگروپ زین احسن حافظ شہزاد وقاص عدیل، شہزاد عرفان عرف بھولا علی وغیرہ آمنے سامنے آگئے اور دونوں گروپوں نے جھگڑا کرتے ہوئے ہوائی فائرنگ کرنا شروع کر دی جس کے نتیجہ میں ایک گولی اس کے بیٹے کو جا لگی جس سے وہ شدید زخمی ہو گیا جس کو طبی امداد کیلئے سول ہسپتال پہنچا دیا گیا پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

ڈاکوؤں نے راہ گیروں سے نقدی ساڑھے تین لاکھ روپے اور موبائل فونز چھین لیے

ڈسکہ (تحصیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) مسلح ڈاکوؤں نے دو راہ گیروں سے نقدی ساڑھے تین لاکھ روپے اور موبائل فونز چھین لیے نواحی گاؤں میرکو ہ کا علی اپنی موٹر سائیکل پر جا رہا تھا کہ اس کو دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی ایک لاکھ چالیس ہزار روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے جبکہ موضع سیان کا چراغ دین ڈسکہ سریا لینے آرہا تھا کہ اس کو راستے میں دو مسلح ڈاکوؤں نے روک لیا اور اس سے نقدی دو لاکھ پانچ ہزار روپے اور موبائل فونز چھین کر فرار ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

اشتہاری ملزمان کو پناہ دینے پر چار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج

ڈسکہ (کھہیل رپورٹر/نمائندہ خصوصی) اشتہاری ملزمان کو پناہ دینے پر چار ملزمان کیخلاف مقدمہ درج پولیس کو مخبر خاص نے اطلاع دی کہ پولیس کو مطلوب اشتہاری ملزمان آصف، زین محسن اور عامر اس وقت پل نہر گوندے کے ملیانوالہ اور اوٹھیاں میں کے دروازے مظلوم کی دادرسی کے لئے ہر وقت کھلے محمد نور، محمد عالم، محمد نواز اور محمد رفیع کے ہمراہ موجود ہیں پولیس نے اشتہاری ملزمان کی گرفتاری کیلئے چھاپہ مارا تو انہوں نے پولیس آمد کی کاشور مچا دیا جس پر اشتہاری ملزمان پولیس کو چکما دیکر فرار ہونے میں کامیاب ہو گئے پولیس نے مقدمہ درج کر لیا ہے

چنیوٹ پولیس منشیات فروشوں کیخلاف ان ایکشن

چنیوٹ (ڈسٹرکٹ رپورٹر) وزیر اعلیٰ پنجاب محترمہ مریم نواز شریف کے وژن ڈرگ فری پنجاب کے تحت منشیات کے خاتمے کیلئے چنیوٹ پولیس کی جانب سے عملی اقدامات جاری ہیں۔ چنیوٹ پولیس کی جانب سے منشیات فروشوں کیخلاف کریک ڈاؤن کیساتھ ساتھ بہتر پراسیکیشن، انوسٹی گیشن کی بدولت منشیات فروشوں کو عدالتوں سے قرار واقعی سزائیں بھی دلوائی جا رہی ہیں۔

بدعنوانی کا خاتمہ حکومتوں کی پہلی ترجیح ہونا چاہئے، فیاض احمد

دیانت کو فروغ دینے میں نوجوانوں کا کردار بہت اہم ہے، ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر



حافظ آباد (رانا آصف) ڈپٹی ڈائریکٹر سوشل ویلفیئر فیاض احمد نے کہا کہ وفاقی وصوبائی حکومتوں سے مطالبہ کیا گیا کہ ہر سطح پر بدعنوانی کا خاتمہ حکومتوں کی پہلی ترجیح ہونا چاہئے۔ بدعنوانی کے خاتمے اور دیانت کو فروغ دینے میں نوجوانوں کا کردار بہت اہم ہے۔ ڈاکٹر ندر حسین کھوکھر کو آرڈینیٹر، سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن حافظ آباد نے عالمی یوم انسداد بدعنوانی کی مناسبت سے سنگت ڈویلپمنٹ فاؤنڈیشن کے زیر اہتمام منعقدہ میڈیا بریفنگ میں کہا۔ میڈیا بریفنگ کا انعقاد سیٹزن نیٹ ورک بجٹ اکاؤنٹیبلیٹی اور سنٹر فار پیس اینڈ ڈویلپمنٹ اینیشوز کے اشتراک سے کیا گیا۔ اس سال کا موضوع نوجوانوں کے ساتھ بدعنوانی کے خلاف اتحاد: مستقبل کی دیانت کی تشکیل ہے، جو بدعنوانی کے خاتمے اور دیانت کو فروغ دینے میں نوجوانوں کے اہم کردار کو اجاگر کرتا ہے۔ یہ دن بدعنوانی کو ترقی، جمہوریت اور اچھی حکمرانی کی راہ میں ایک بڑی رکاوٹ کے طور پر تسلیم کرنے کی اہمیت کو واضح کرتا ہے۔ پاکستان سمیت 190 ممالک UNCAC کے تحت بدعنوانی کے خلاف مؤثر اقدامات پر متفق ہیں۔ عالمی یوم انسداد بدعنوانی ہر سال 9 دسمبر کو منایا جاتا ہے تا کہ 2003 میں اقوام متحدہ کے کنونشن برائے انسداد بدعنوانی (UNCAC) کی منظوری کی سالگرہ کو یاد رکھا جا سکے۔

تھانہ نارنگ کی حدود میں چوری کے واقعات تھم نہ سکے

صندوق توڑ کر چور 8 لاکھ مالیت کا زیور 2 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی لے گئے

نارنگ منڈی (نمائندہ خصوصی) تھانہ نارنگ کی حدود میں چوری کے واقعات تھم نہ سکے۔ نواحی گاؤں بھاگو ڈیال میں اصغر کے اہلخانہ لاہور گئے ہوئے تھے نامعلوم چور کمرے کے تالے توڑ کر صندوق میں پڑے 8 لاکھ مالیت کے 3 تولے زیور 2 لاکھ 50 ہزار روپے نقدی اور 5 سوٹ لے گئے نواحی گاؤں شریف پورہ میں اسدکی حویلی سے 2 لاکھ 80 ہزار روپے مالیت کی گائے چوری ہو گئی سرحدی گاؤں سدھانوالی میں کھیتوں سے موٹر اور پنکھا غائب ہو گیا نارنگ منڈی پولیس نے مقدمات درج کر کے تفتیش شروع کر دی ہے شہر اور گردونواح میں لوٹ مار کے واقعات پر اہل علاقہ گہری تشویش میں مبتلا ہیں انہوں نے اعلیٰ حکام سے نوٹس لینے کا مطالبہ کیا ہے۔

گوجرانوالہ تھانہ صدر کی چوکی فرانسیس آباد کی شاندار کارکردگی

منشیات فروشوں اور قحبہ خانوں کا صفایا کرنے پر معززین علاقہ کا پولیس کو خراج تحسین

گوجرانوالہ (نویدہ بخاری قوت بیورو) گوجرانوالہ تھانہ صدر کی چوکی فرانسیس آباد کی شاندار کارکردگی علاقہ بھر سے منشیات فروشوں قحبہ خانوں کا صفایا کرنے پر معززین علاقہ کا پولیس کو خراج تحسین شہریوں کا کہنا ہے کچھ نام نہاد صحافی جو قحبہ خانوں کی سرپرستی کرتے ہے پولیس کی کاروائی کرنے کے بعد پولیس کے خلاف خبریں لگاتے ہے شہریوں نے مطالبہ ہے ان نام نہاد صحافیوں کے خلاف مقدمہ درج کیا جائے جو صحافت کا لبادہ اوڑھ کر شعبہ صحافت کو بدنام کر رہے ہے اور قحبہ خانوں کی سرپرستی کر رہے ہے فرانسیس آباد چوکی کی پولیس ہر وقت شہریوں کے تحفظ کے لیے دن رات کوشاں ہے شہریوں کا کہنا ہے پولیس چوکی فرانسیس آباد کے ملازمین نے عزم کر رکھا ہے سی پی او گوجرانوالہ رانا ایاز سلیم کی ہدایات کے پیش نظر علاقہ بھر سے منشیات فروشوں چوروں ڈکیتیوں جوئے کے اڈے چلانے والے قحبہ خانے چلانے والے اور ان کے ساتھ ملوث افراد کے خلاف آپریشن جاری رہے گا۔

ڈپٹی کمشنر کا کارکردگی کا جائزہ لینے کے حوالہ سے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سے میٹنگ

جھنگ (بیورو رپورٹ) ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے کارکردگی کا جائزہ لینے کے حوالہ سے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس سے میٹنگ کی۔ ڈپٹی کمشنر علی اکبر بھنڈر نے کہا کہ روزمرہ استعمال کی اشیائے ضروریہ کی قیمتوں میں مصنوعی اضافہ ہرگز برداشت نہیں کیا جائے گا۔ ناجائز منافع خوروں اور ذخیرہ اندوزوں کے خلاف بلاامتیاز کاروائی کی جائے۔ انہوں نے پرائس مجسٹریٹس کو روزانہ کی انسپکشن بڑھانے اور خلاف ورزی پر سخت ایکشن لینے کے بھی احکامات جاری کئے۔ ڈپٹی کمشنر نے مزید کہا کہ اسسٹنٹ کمشنرز روزانہ کی بنیاد پر علی الصبح سبزی و فروٹ منڈیوں کا دورہ کریں، اس حوالہ سے پرائس کنٹرول مجسٹریٹس کی روزانہ کی کارکردگی کو مانیٹر کیا جائے گا۔

تھانہ کوٹ شاکر کے ایس ایچ او اسلم نول کی منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کاروائی، بدنام زمانہ منشیات فروش سے چار کلو چرس برآمد کر کے مقدمہ درج کر لیا

جھنگ (بیورو رپورٹ) تھانہ کوٹ شاکر کے ایس ایچ او اسلم نول کی منشیات فروشوں کے خلاف بڑی کاروائی سامنے آئی ہے جس میں بدنام زمانہ منشیات فروش کو سوا 4 کلو سے زائد منشیات سمیت گرفتار کر لیا ہے اطلاع علاقہ کی جانب سے بڑی کاروائی کو سراہتے ہوئے ایس ایچ او اسلم نول کو خراج تحسین پیش کیا گیا ہے تفصیلات کے مطابق ڈی پی او جھنگ کیپٹن (ر) بلال افتخار کیانی کے احکامات کی روشنی میں ایس ایچ او تھانہ کوٹ شاکر محمد اسلم نول نے مخبر کی اطلاع پر منشیات فروشوں کے خلاف کاروائی کرتے ہوئے بدنام زمانہ منشیات فروش وقار نامی ملزم کو گرفتار کر لیا اور ان کے قبضہ سے 4 کلو 430 گرام چرس برآمد کر لی ہے پولیس نے ملزم کے خلاف مقدمہ درج کر کے مزید تفتیش شروع کر دی ہے۔

مسلح چار نامعلوم ڈاکو گن پوائنٹ پر ٹرک ڈرائیور سے ہزاروں روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے

اوکاڑہ (راؤ اکرام ربانی/قوت) آتشیں اسلحہ سے مسلح چار نامعلوم ڈاکو گن پوائنٹ پر ٹرک ڈرائیور سے ہزاروں روپے نقدی چھین کر فرار ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تھانہ راوی کی حدود دربار بابا کرم شاہ کے قریب آتشیں اسلحہ سے مسلح چار نامعلوم ڈاکوؤں نے اسلحہ کے زور پر مزدا ٹرک کو روکا اور گن پوائنٹ پر ڈرائی

"قوت" کلاسیفائیڈ
روزنامہ قوت
Daily Quwwat
قوت پبلشرز

تمام اشتہارات نیک نیتی کے جذبہ سے شائع کئے جاتے ہیں کسی اشتہار کے غیر حقیقی ہونے کے بارے میں ادارہ کوئی ذمہ داری قبول نہیں کرتا اشتہارات صاف اور بڑے مضمون پر ایک طرف لکھے ہوئے جائیں کٹے پھٹے اور مشکوک الفاظ والے اشتہارات غلط شائع ہونے کی صورت قابل قبول نہ ہوگی۔

042-3636003

کشمیر کی کفالت

میری گاڑی کے اصل کاغذات اور فائل جائے پیر کی شب کہیں گر گئی۔

موڈی سیریز 2387 FDA نمبر اسلام آباد جسٹرڈ بال 2007 رنگ سفید ہیں کی رپورٹ درج کروادی گئی ہے اگر کسی کو میری فائل ملے تو درج ذیل پتہ پر واپس کر دیں۔

شہزاد بلال اورس

0323-5959079

نمبر 1

تجویز | تجویزات

سائنس، ٹیکنالوجی، انڈسٹری میں تعاون کو مزید فروغ دینے کی ضرورت پر زور دیا۔ملاقات میں آکساک اور ہٹاچی کے حکام نے ملاقات کی۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف نے پاکستانی طلبہ اور ہارورڈ بزنس اسکول کے فارغ التحصیل طلبہ کے اعزاز میں عشائیہ دیا۔ وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کو مدر آف ڈیجیٹل ایجوکیشن کا خطاب دیا گیا

پنجاب میں انسداد پولیو مہم کا آغاز 16 دسمبر سے ہوگا

لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد میں انسداد پولیو مہم 22 دسمبر تک جاری رہے گی، دیگر 33 اضلاع میں مہم 20 دسمبر تک جاری رہے گی

پولیو کا خاتمہ قومی ایجنڈا، تمام صوبوں کو ملکر کام کرنا ہوگا، پولیو وائرس کے مکمل خاتمے کیلئے صوبوں کے مابین تعاون بڑھانے کی اشد ضرورت ہے، خواجہ سلمان رفیق، خواجہ عمران نذیر

لاہور (خبرنگار) پنجاب میں انسداد پولیو مہم کا آغاز 16 دسمبر سے ہوگا، لاہور، راولپنڈی، فیصل آباد میں انسداد پولیو مہم 22 دسمبر تک جاری رہے گی، دیگر 33 اضلاع میں مہم 20 دسمبر تک جاری رہے گی۔ 6 کروڑ 33 لاکھ بچوں کو پولیو سے تحفظ فراہم کیا جائے گا، انسداد پولیو مہم کے سلسلے میں انتظامات کا جائزہ لینے کیلئے صوبائی وزیر ہیلتھ اینڈ سیکرٹریز کا اجلاس خواجہ سلمان رفیق کی زیر صدارت سول سیکرٹریٹ میں منعقد ہوا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ عمران نذیر ویڈیو لنک کے ذریعے اجلاس میں شریک ہوئے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے جناح ہسپتال لاہور کا دورہ کیا۔ سیکرٹری ڈویلپمنٹ محکمہ سپیشلائز ڈ ہیلتھ سیکرٹری ڈیلٹ کیئر ایڈ

باقی صفحہ 7 نمبر 35

صوبائی وزیر صحت نے جناح ہسپتال لاہور میں طبی سہولیات مزید بہتر کرنے کی ہدایت کی، ری ویمپنگ ایریاز میں جاری پیش رفت کا بھی جائزہ لیا

جناح ہسپتال لاہور میں انجیو گرافی، کارڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ، کیتھ لیبز و دیگر شعبہ جات کا دورہ کرکے طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا

کیتھ لیبز و دیگر شعبہ جات کا دورہ کرکے طبی سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے جناح ہسپتال لاہور میں انجیو گرافی، کارڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ، میڈیکل ایجوکیشن سید واجد علی شاہ، چیئرمین پی و ڈی ایم ڈی اے ڈاکٹر فرقد عالمگیر، پرنسپل علامہ اقبال میڈیکل کالج پروفیسر محمد سہیل، کارڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ، ایم ایس جناح ہسپتال ڈاکٹر کاشف جہانگیر بھی ہمراہ تھے۔ صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق نے جناح ہسپتال لاہور میں انجیو گرافی، کارڈیالوجی ڈیپارٹمنٹ،

باقی صفحہ 7 نمبر 36



لاہور (خبرنگار) صوبائی وزیر صحت خواجہ سلمان رفیق جناح ہسپتال لاہور میں طبی سہولیات کا جائزہ لے رہے ہیں

شاہ محمود قریشی کی پانچ مقدمات میں ضمانتوں پر ساعت 4 جنوری تک ملتوی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی لاہور کی تحریک انصاف کے سینئر رہنما سابق وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی پانچ مقدمات میں ضمانتوں پر ساعت 4 جنوری تک ملتوی کردی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے ایڈیشنل جج مسٹر طارق علی نے مقفلہ زمان پارک اور جناح ہاؤس کے قریب پولیس کی گاڑیاں جلانے کے پانچ مقدمات کی سماعت کی۔ شاہ محمود قریشی نے جیل سے عدالت کی درخواستیں دائر کر رکھی ہیں۔ پولیس نے تمام مقدمات کا ریکارڈ عدالت میں پیش کر رکھا ہے۔ دوران سماعت ایڈووکیٹ علی ظفر نے کہا کہ سینئر وکیل میسرز ظہور احمد راجا مدثر قیوم ٹوانہ عدالت میں ہیں، عدالت آج تاریخ دے دے اسکے بعد سپیشل جج پیش ہوجائیں گے۔

باقی صفحہ 7 نمبر 40

رضا کارانہ طور پر ریٹائرمنٹ لینے کے خواہشمند اساتذہ کا ڈیٹا طلب

ایسے اساتذہ جن کی سروس 25 سال ہو چکی ہے ان کا ڈیٹا بھی فراہم کیا جائے، محمد تعلیم

لاہور (این این آئی) محکمہ سکول ایجوکیشن نے پرانے اساتذہ سے جان چھڑانے کا فیصلہ کر لیا۔ رضا کارانہ طور پر ریٹائرمنٹ لینے کے خواہشمند اساتذہ کتنے ہیں؟ محکمہ سکول ایجوکیشن نے ڈسٹرکٹ ایجوکیشن اتھارٹیز سے ڈیٹا مانگ لیا۔ محکمہ سکول ایجوکیشن کی جانب سے کہا گیا ہے کہ 50 اور 55 سال کی عمر کے کتنے اساتذہ ریٹائرمنٹ چاہتے ہیں؟ ایسے اساتذہ جن کی سروس 25 سال ہو چکی ہے ان کا ڈیٹا بھی فراہم کیا جائے۔ محکمہ سکول

باقی صفحہ 7 نمبر 40

لاہور کے مختلف مقامات پر 10 ڈرائیونگ اسکول قائم

ڈرائیونگ کورس میں الیکٹرانک میکینیکل ٹریننگ کیا جائیگا، عمارہ اطہر

لاہور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لاہور عمارہ اطہر کی ہدایت پر لاہور میں 10 ڈرائیونگ اسکول قائم کئے جائیں گے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق گریٹر اقبال پارک، کاہنہ، ماڈل ٹاؤن سٹیڈیم، شالیمار ٹاؤن شپ، پولیس خدمت مرکز بحریہ ٹاؤن، لبرٹی خدمت مرکز، مناواں ٹریفک لائنز، ڈیفنس خدمت مرکز، کینٹ مارکیٹ میں اسکول قائم کیے گئے۔ آٹو مارٹ ڈرائیونگ سکول

باقی صفحہ 7 نمبر 39



لاہور، وزیر ٹریفک ایجوکیشن رفیق ویسٹ سپیشل افسران کے ہمراہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

وفاقی وزیر عبدالعلیم خان کا ڈرب میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین

اسلام آباد (این این آئی) اسٹیم پاکستان پارٹی کے سربراہ وفاقی وزیر عبدالعلیم خان نے ڈرب میں کامیاب آپریشن پر سیکیورٹی فورسز کو خراج تحسین پیش کیا ہے، ڈرب سیکیورٹی فورسز کے آپریشن میں 15 خوارج دہشت گردی جہنم واصل ہوئے تھے۔ اپنے ایک پیغام میں انہوں نے کہا کہ خوارجیوں کے مقابلہ کرتے ہوئے سپاہی جارحیت الرحمن وطن پر جان نچھاور کی، ملک کی سرحدوں کی حفاظت کی خاطر جان کا نذرانہ پیش کرنے والے بہادر سپوتوں کو سلام پیش کرتے ہیں۔

سید یوسف رضا گیلانی کی آئینکر سردار ایاز صادق سے اہلیہ محترمہ کے انتقال پر اظہار تعزیت

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی نے اپنی اہلیہ محترمہ کے انتقال پر اظہار تعزیت کیا ہے۔ اپنے بیان میں سید یوسف رضا گیلانی نے آئینکر سردار ایاز صادق کی بیگم کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے مرحومہ کے روح کے ایصال ثواب کیلئے فاتحہ خوانی کی۔ سید یوسف رضا گیلانی نے اللہ تعالیٰ مرحومہ کے درجات کی بلندی اور اپنکر سردار ایاز صادق اور انکے خاندان کو ناقابل تلافی نقصان کو برداشت کرنے کیلئے صبر جمیل عطا فرمانے کی دعا کی۔

ایف آئی اے تھیم کا شاہدرہ پاسپورٹ آفس پر چھاپہ

پانچ ایجنٹس، پاسپورٹ آفس کا ملازم گرفتار شہریوں سے پیسے بٹورے ہے تھے

لاہور (این این آئی) ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کی تھیم نے شاہدرہ پاسپورٹ آفس پر چھاپہ مار کر پانچ ایجنٹس اور پاسپورٹ آفس کے ملازم کو گرفتار کرلیا، ملزمان شہریوں سے پاسپورٹ جلوانے کی مد میں پیسے بٹورے تھے۔ تفصیلات کے مطابق ایف آئی اے اینٹی ہیومن ٹریفکنگ سرکل کی تھیم نے لاہور کے علاقہ شاہدرہ میں واقع پاسپورٹ آفس پر چھاپہ مار کر ریاض، ظہیر، عرابیب آفس کے ملازم کو گرفتار کرلیا، ملزمان شہریوں سے پاسپورٹ جلوانے کی مد میں پیسے بٹورے تھے۔ تفصیلات کے

9 مئی اور 26 نومبر کیلئے عدالتی کمیشن بنایا جائے، عمر ایوب

ہمارے شہدا کا خون شہباز شریف پر ہے اور وہی ساتھ ماڈل ٹاؤن کے ذمہ داریں، میڈیا سے گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے کہا ہے کہ 9 مئی اور 26 نومبر کیلئے عدالتی کمیشن بنایا جائے۔ اپوزیشن لیڈر عمر ایوب نے پارلیمنٹ کے باہر میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ خواجہ آصف کے پاس ذاتی حملوں کے علاوہ کوئی بات نہیں ہوتی، حکومت نے گولی چلانے کے سوال پر بتایا جائے۔

باقی صفحہ 7 نمبر 41

انٹرنیٹ کی سست رفتار کیخلاف درخواست پر پی ٹی اے کو نوٹس جاری

لاہور (این این آئی) لاہور ہائی کورٹ نے انٹرنیٹ کی سست رفتاری کے خلاف درخواست پر پی ٹی اے اور دیگر متعلقہ حکام کو نوٹس جاری کردیا۔ لاہور ہائی کورٹ میں انٹرنیٹ کی سست رفتاری کے خلاف درخواست پر ساعت ہوئی، جسٹس اقبال چودھری نے جوڈیشل اکیڈمی انٹرنیشنل کی درخواست پر ساعت کی۔ درخواست میں انٹرنیٹ کی رفتار کم کرنے کے اقدام کو چیلنج کیا گیا۔ درخواست گزار کی جانب سے موقف اختیار کیا گیا کہ ملک میں انٹرنیٹ کی رفتار انتہائی سست ہے، اس کی وجہ سے شہری پریشان ہیں۔

باقی صفحہ 7 نمبر 42

قائد جمعیت کا راستہ روکنے کی چال کامیاب نہیں ہوگی، جے یو آئی

مدارس ہماری ریڈ لائن ہیں جب تک ہمارے مطالبات تسلیم نہیں ہو جاتے چین سے نہیں بیٹھیں گے

لاہور (این این آئی) امیر جمعیت علمائے اسلام (ف) سنیٹر شجاع الحق، جنرل سیکرٹری حافظ عرفان شجاع خٹک، سالار مولانا محمد حمید مہمند، ڈپٹی سیکرٹری جنرل مولانا عبدالواسع و شاہد ہمدرد آفریدی و دیگر نے مدرسہ محمد ﷺ ہاشم تھانی ایڈووکیٹ، صدر لائرز فورم سٹی

باقی صفحہ 7 نمبر 42

لاہور رسمیہ پنجاب کے بیشتر سرکاری اسپتال مفت ادویات اور ٹیسٹوں کی سہولت سے محروم

لاہور کے میو اسپتال، برمنگھم، جناح، جنرل اور دیگر اسپتالوں میں مفت علاج کیلئے آنیوالے غریب مریض رل گئے

گنگارام اسپتال کے آؤٹ میں 14 کروڑ کا گھپلا سامنے آیا، آؤٹ مکمل ہونے پر فنڈز نہیں کیے گئے، ذرائع

لاہور (این این آئی) لاہور رسمیت پنجاب بھر کے بیشتر سرکاری اسپتال مفت ادویات اور مفت ٹیسٹوں کی سہولت سے محروم ہو گئے، کئی مریض آپریشن اور علاج کے انتظار میں اسپتالوں میں

باقی صفحہ 7 نمبر 43

پی ٹی آئی اور حکومت میں آج مذاکرات شروع ہو سکتے ہیں، صاحبزادہ حامد رضا

فیض حمید کے خلاف چارج شیٹ اندرونی معاملہ، وہ جانیں اور ان کا نظام جانے

خلاف چارج شیٹ کو فوج کا اندرونی معاملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ جانیں اور ان کا نظام جانے، ہمارا مطالبہ ہے کہ دوسرے ملزمان کی طرح فیض حمید کے خلاف بھی کارروائی ہونی چاہیے

باقی صفحہ 7 نمبر 44

موٹر سائیکل لائسنس کے اجراء میں ریلیف کے 4 روز باقی رہ گئے

24 گھنٹوں میں 25 ہزار 800 سے زائد شہریوں نے لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا

صوبہ بھر میں غیر لائسنس کے ڈرائیونگ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی جاری ہے، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک

لاہور (این این آئی) موٹر سائیکل لائسنس کے اجرا میں ریلیف کے 4 روز باقی رہ گئے۔ ترجمان کے مطابق گزشتہ 24 گھنٹوں میں 25 ہزار 800 سے زائد شہریوں نے لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا، 7 ہزار 674 شہریوں نے ڈرائیونگ لائسنس بنوائے، 8 ہزار 300 شہریوں نے رجسٹریشن بنوائے، 9 ہزار 826 شہریوں نے ریگولر ڈرائیونگ لائسنس بنوائے۔

باقی صفحہ 7 نمبر 45

گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے مول پاکستان آئل اینڈ گیس کمپنی کے سلور جوبلی تقریب میں شرکت کی

اسلام آباد (این این آئی) گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی نے مول پاکستان آئل اینڈ گیس کمپنی کی 25 ویں سالگرہ کے موقع پر منعقدہ سلور جوبلی تقریب میں شرکت کی۔ یہ تقریب ایک مقامی ہوٹل میں منعقد ہوئی جس میں وفاقی وزیر کامرس

باقی صفحہ 7 نمبر 47

ماحولیاتی تحفظ کے لئے آگاہی کو فروغ دینے کی ضرورت ہے، رانا مشہود احمد خان

پاکستان کا شمار موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ملکوں میں ہوتا ہے

جامعات کے طلبا کیلئے تحول کر گرین پاکستان موومنٹ چلا رہے ہیں، یوتھ پروگرام وزیر اعظم کے خطاب

فورس قائم کر رہے ہیں، پاکستان کا شمار موسمیاتی تبدیلی سے سب سے زیادہ متاثر ملکوں میں ہوتا ہے، جامعات کے طلبا کیلئے تحول کر گرین پاکستان

باقی صفحہ 7 نمبر 46



صوبائی وزیر ثقافت، سیاحت و ہیریٹیج رانا مشہود احمد خان نے کینٹ بورڈ کلب لاہور میں منعقدہ گالف ٹورنامنٹ کی فرسٹ پوزیشن حاصل کرنیوالی ٹیم کے کھلاڑیوں میں ٹرافی اور کپ تقسیم کر رہے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب کے وژن کے مطابق محکمہ داخلہ میں میرٹ کی بالادستی

ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پورسٹل اسٹنٹ ٹیٹ بہاولپور یاسر اعجاز معطل

لاہور (این این آئی) سیکرٹری داخلہ پنجاب نور الامین مینگل نے فرائض کی انجام دہی میں غفلت، نااہلی اور ناقص کارکردگی پر ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ ایگزیکٹو پورسٹل اسٹنٹ ٹیٹ بہاولپور یاسر اعجاز کو معطل کر دیا ہے۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب نے بتایا کہ ڈپٹی سپرنٹنڈنٹ پورسٹل اسٹنٹ ٹیٹ بہاولپور یاسر اعجاز نے پورسٹل اسٹنٹ ٹیٹ کے قواعد وضوابط کی خلاف ورزی کی، محکمہ داخلہ پنجاب کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق سینئر جیل بہاولپور کو پی پورسٹل اسٹنٹ جوڈیشل

باقی صفحہ 7 نمبر 49



صحرا پر قابو پانے میں چین کا وژن "ممتاز اور جامع" ہے، مصری ماہر

صحراؤں سے لے کر گھاس کے میدانوں تک سب سے زیادہ متنوع زمینی شکلیں موجود ہیں

ریاض (شہود) مصر کے ایک ماہر نے کہا ہے کہ چین کے پاس صحرا پر قابو پانے اور ماحولیاتی تحفظ کے حوالے سے ایک ممتاز نقطہ نظر ہے۔ انہوں نے ماحولیاتی مسائل اور اس سے آگے کے امور پر مزید

باقی صفحہ 54 نمبر

چین نے رواں سال کے آغاز سے ریلوے کی تعمیر میں نئی کامیابیاں حاصل کی ہیں

چین، ریلوے سرمایہ کاری میں ابتدائی 11 ماہ کے دوران 11.1 فیصد اضافہ

بیجنگ (شہود) چین نے رواں سال کے آغاز سے ریلوے کی تعمیر میں نئی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔ چائنہ سٹیٹ ریلوے گروپ کمپنی لمیٹڈ کے مطابق جنوری سے نومبر دوران ریلوے کے شعبے میں فکسڈ اثاثہ جاتی سرمایہ کاری 711.7 ارب یوآن (تقریباً 99 ارب امریکی ڈالر) تک کی گزشتہ برس کی اسی مدت کے مقابلے میں 11.1

باقی صفحہ 57 نمبر

سٹیٹ بائنس اور سی اے ای ایل چین میں بیٹری پلانٹ کے لئے 4.1 ارب یورو کی سرمایہ کاری کریں گی

میڈرڈ (شہود) سٹیٹ بائنس اور چینی بیٹری کمپنی سی اے ای ایل نے چین میں بڑے پیمانے پر یورپی ایکسیم آئرن فاسفیٹ (ایل ایف پی) بیٹری پلانٹ کی تعمیر کے مشترکہ منصوبے کے لئے 4.1 ارب یورو (4.31 ارب امریکی ڈالر) تک کی سرمایہ کاری کے معاہدے کا اعلان کیا ہے۔ سالانہ دو ملین گیگا واٹ پیک پیداوار کے حامل یہ منصوبہ

باقی صفحہ 56 نمبر

غیر یقینی صورتحال کے باوجود چین اور یورپی یونین کے تجارتی تعلقات مشترکہ بنیاد کے خواہاں

تنازعات نے چین اور یورپی یونین (ای یو) کے درمیان اقتصادی اور تجارتی تعلقات کو متاثر کیا ہے

تجارتی تعلقات کو متاثر کیا ہے۔ امید اور نفرت'' کے رشتے نے دونوں طاقتوں کو ایک غیر یقینی راستے پر لا کھڑا کیا ہے۔ 2023 کے آخر میں شروع ہونے والے چین اور یورپی یونین (ای یو) کے درمیان اقتصادی اور



لاہور (خبرنگار) پنجاب یونیورسٹی انسٹیٹیوٹ آف زوالوجی کے زیر اہتمام فشریز کے عالمی دن پر منعقدہ تقریب کے شرکاء سے خطاب کر رہے ہیں

مرتضیٰ نواز چنگوانی عوامی سیکرٹریٹ جہانگیر ڈل ڈی

شہریوں میں واٹر سپلائی، سیوریج سسٹم اور پارکوں کی صورتحال بہتر بنا رہے ہیں

دیڈ لیبی لیبی کا غذی فائلز سے آگے نکل گئی، ڈیجیٹائزیشن نہ کی تو پیچھے رہ جائیں گے، ڈیزائن رفیق کا سیمینار سے خطاب

لاہور (خبر نگار) زیر بلدیات پنجاب ایڈیشنل سیکرٹری اپمرونٹ اونسٹمنٹ پروگرام (پی ایف سی اے آئی پی) کے زیر اہتمام ایک سیمینار سے بطور مہمان خصوصی خطاب کر رہے تھے۔

باقی صفحہ 38 نمبر

موبائل فون صارفین سے 338 ارب روپے ایڈوانس ٹیکس وصولی کا ہدف

پانچ ماہ کے دوران موبائل صارفین نے 3 کھرب 38 ارب روپے وصول کئے، تفصیلات پیش کردی گئیں

صارفین سے ٹیکس وصولی کی تفصیلات پیش کردی گئیں۔ وزارت خزانہ نے صارفین سے ٹیکس وصولی کی تفصیلات پیش کیں۔ وزارت خزانہ نے صارفین سے 3 کھرب 38 ارب روپے ٹیکس وصول کرنے کا انکشاف کردیا۔ پارلیمنٹ کی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے خزانہ کا اجلاس منعقد ہوا، جس میں موبائل صارفین سے ٹیکس وصولی کی تفصیلات پیش کی گئیں۔ وزارت خزانہ نے صارفین سے ٹیکس وصولی کی تفصیلات ایوان کے سامنے رکھتے ہوئے بتایا کہ گزشتہ پانچ سال کے دوران موبائل صارفین صدارت تھوس آسیبلی اجلاس ہوا جس میں موبائل

باقی صفحہ 66 نمبر



راولپنڈی میں 24 دسمبر تک آوارہ کتوں کو نہ مارنے کا حکم

راولپنڈی (این این آئی) آوارہ کتوں کو مارنے کے خلاف لاہور ہائی کورٹ کے راولپنڈی بنچ نے شہری انتظامیہ کو 24 دسمبر تک آوارہ کتوں کو مارنے سے روکنے کا حکم جاری کردیا۔ لاہور ہائی کورٹ نے راولپنڈی بنچ کے جسٹس عدنان کریم میمن کی درخواست پر ساعت کی۔ عدالت نے راولپنڈی کی انتظامیہ کو 24 دسمبر تک آوارہ کتوں کو مارنے کے خلاف آئینی سماعت کے توسط سے اپیلٹ عدالت میں درخواست دائر کرنے کا حکم دیا ہے۔ عدالت نے راولپنڈی کی انتظامیہ کو 24 دسمبر تک آوارہ کتوں کو مارنے

باقی صفحہ 65 نمبر

کراچی: یوسی ڈی سی کے وفد کی مراد سرفراز احمد سے ملاقات

بار کی نومنتخب کابینہ وکلاء مسائل کے حل کیلئے بھرپور کردار ادا کریگی وفد کی گفتگو

کراچی (این این آئی) ارین کمیونٹی ڈیولپمنٹ کونسل کے وفد نے سندھ ہائی کورٹ بار ایسوسی ایشن کے نومنتخب جنرل سیکریٹری مراد سرفراز احمد سے ملاقات کی اور الیکشن میں کامیابی پر انہیں

باقی صفحہ 51 نمبر

اڈیالہ جیل میں قید پی ٹی آئی کے 200 کارکنوں کو لاہور کمیسر میں شامل تفتیش کرنے کی درخواست منظور

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی عدالت لاہور نے اڈیالہ جیل میں قید پی ٹی آئی کے 200 کارکنوں کو لاہور کمیسر میں شامل تفتیش کرنے کی درخواستیں منظور کرلیں۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج احمد علی شاہ نے درخواستوں کی سماعت کی۔ عدالت نے گرفتار 200 پی ٹی آئی

باقی صفحہ 53 نمبر

کراچی: ملائیشیا کیلئے بک کنٹینر سے 700 کلو آئس برآمد

کنٹینر کے کرانے والے کراچی کے رہائشی ایک ملزم کو گرفتار کرلیا گیا ہے، حکام

700 کلوگرام سے زائد آئس برآمد کرلی۔ اے این ایف کے حکام کا کہنا ہے کہ برآمد شدہ مبینہ آئس کھٹمائن (آئس) کنٹینر کاریونیٹ کے بیگز کے

باقی صفحہ 52 نمبر

کراچی: شاہ لطیف ٹاؤن سے لاپتہ 7 سال کی بچی مل گئی

بچی بدھ کو نانی کے گھر سے ملی، اس حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے، پولیس

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے شاہ لطیف ٹاؤن سے لاپتہ 7 سال کی بچی مل گئی۔ پولیس کے مطابق بچی بدھ کو نانی کے گھر سے ملی، اس حوالے سے مزید تفتیش جاری ہے، بچی اسکول سے لاپتہ ہوئی تھی۔ پولیس کے مطابق بچی گزشتہ روز اپنے بھائی بلال کے ساتھ اسکول گئی تھی، چھٹی کے وقت بھائی بلال کا انتظار کرتا رہا مگر بہن

باقی صفحہ 55 نمبر

اقرہ میں پاکستانی سفارت خانے نے تصویری نمائش کی میزبانی کی اور نوٹر فرز کو خراج تحسین پیش

ہمیں کاپیڑ ہوتے ہوئے جان کی بازی لگانے والے شہداء کے لیے ایک لمحے کی خاموشی محسوس کی گئی

اقرہ (این این آئی) اقرہ میں پاکستان کے سفارت خانے نے اقتصادی تعاون تنظیم ثقافتی ادارے (ECOCI) اور Kecriren میوزیم کے اشتراک سے ایک تصویری نمائش کا انعقاد کیا جس میں ای سی او کی اولی بھرپور اور متنوع ثقافتوں کی نمائش کی گئی تھی جس میں ٹریڈ شپ کے فریم: ای سی او گیمز اور خراج تحسین پیش کیا گیا۔ نمائش میں

باقی صفحہ 58 نمبر

نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے قوانین منسوخ

اسلام آباد (این این آئی) وفاقی حکومت نے نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے قوانین منسوخ کردیے جس کا باضابطہ نوٹی فکیشن بھی جاری کردی گیا ہے۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق وزارت انفارمیشن ٹیکنالوجی اینڈ ٹیلی کمیونیکیشن کی جانب سے جاری کردہ نوٹی فکیشن کے مطابق نیشنل سائبر کرائم انویسٹی گیشن ایجنسی کے قوانین منسوخ کردیے گئے ہیں۔ وزارت آئی ٹی اینڈ ٹیلی کام کی

باقی صفحہ 60 نمبر

ایکشن دھماندلی پر جوڈیشل کمیشن کا قیام عمران خان کے وکیل کیس سے الاعلم نکلے

ساعت کے لیے مقررکیس پکارا گیا تو عدالت نے کہا کہ اگر وکیل عدم پیروی کی استدعا کردی

اسلام آباد (این این آئی) عمران خان کے وکیل حقانی کامران نے کہا کہ ہم نے کیس سے الاعلم نکلے۔ عام انتخابات 2024ء میں مبینہ دھاندلی پر جوڈیشل کمیشن کے قیام سے متعلق کیس کی سماعت جسٹس امین الدین خان کی

باقی صفحہ 63 نمبر

سیلز ٹیکس کی ریٹس 18 سے کم کرکے 5 فیصد پر لانے کی ضرورت ہے، طارق محمود

پنجاب ریونیو اتھارٹی اس تجربے کے ذریعے ریونیو میں کم از کم 5 گنا اضافہ کرکے دکھائے، سینئر ممبر بورڈ

لاہور (این این آئی) ٹیکس بار کے صدر محمد طارق محمود نے کہا ہے کہ سیلز ٹیکس کی ریٹس 18 سے کم کرکے 5 فیصد پر لانے کی ضرورت ہے۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی اس تجربے کے ذریعے ریونیو میں کم از کم 5 گنا اضافہ کرکے دکھائے۔ سینئر ممبر بورڈ سینئر ممبر بورڈ چیئرمین چیف سیلز ٹیکس کمشنر، ریجنل ٹیکس آفیسرز، سیلز ٹیکس کی چوری اور ٹیکس کی ادائیگی کے طریقہ کار پر بریفنگ دی۔ ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈویلپرز کے صدر

باقی صفحہ 62 نمبر

شاہ محمود قریشی کی پانچ مقدمات میں ضمانتوں پر ساعت 4 جنوری تک ملتوی

لاہور (این این آئی) انسداد دہشت گردی لاہور کی تحریک انصاف کے سینئر رہنما سابق وفاقی وزیر خارجہ شاہ محمود قریشی کی پانچ مقدمات میں ضمانتوں پر ساعت 4 جنوری تک ملتوی کردی۔ انسداد دہشتگردی عدالت کے ایڈیشنل جج مسٹر طارق علی نے مقفلہ زمان پارک اور جناح ہاؤس کے قریب پولیس کی گاڑیاں جلانے کے پانچ مقدمات کی سماعت کی۔ شاہ محمود قریشی نے جیل سے عدالت کی درخواستیں دائر کر رکھی ہیں۔ پولیس نے تمام مقدمات کا ریکارڈ عدالت میں پیش کر رکھا ہے۔ دوران سماعت ایڈووکیٹ علی ظفر نے کہا کہ سینئر وکیل میسرز ظہور احمد راجا مدثر قیوم ٹوانہ عدالت میں ہیں، عدالت آج تاریخ دے دے اسکے بعد سپیشل جج پیش ہوجائیں گے۔

باقی صفحہ 40 نمبر

لاہور کے مختلف مقامات پر 10 ڈرائیونگ اسکولز قائم

ڈرائیونگ کورس میں الیکٹرانک میکینیکل ٹریننگ کیا جائیگا، عمارہ اطہر

لاہور (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لاہور عمارہ اطہر کی ہدایت پر لاہور میں 10 ڈرائیونگ اسکول قائم کئے جائیں گے۔ ٹریفک پولیس کے مطابق گریٹر اقبال پارک، کاہنہ، ماڈل ٹاؤن سٹیڈیم، شالیمار ٹاؤن شپ، پولیس خدمت مرکز بحریہ ٹاؤن، لبرٹی خدمت مرکز، مناواں ٹریفک لائنز، ڈیفنس خدمت مرکز، کینٹ مارکیٹ میں اسکول قائم کیے گئے۔ آٹو مارٹ ڈرائیونگ سکول

باقی صفحہ 39 نمبر

لاہور، وزیر بلدیات ڈیفنس رفیق ویسٹ سپیشل افسران کے ہمراہ ویڈیو لنک اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

ایکشن دھماندلی پر جوڈیشل کمیشن کا قیام عمران خان کے وکیل کیس سے الاعلم نکلے

ساعت کے لیے مقررکیس پکارا گیا تو عدالت نے کہا کہ اگر وکیل عدم پیروی کی استدعا کردی

اسلام آباد (این این آئی) عمران خان کے وکیل حقانی کامران نے کہا کہ ہم نے کیس سے الاعلم نکلے۔ عام انتخابات 2024ء میں مبینہ دھاندلی پر جوڈیشل کمیشن کے قیام سے متعلق کیس کی سماعت جسٹس امین الدین خان کی

باقی صفحہ 63 نمبر

سیلز ٹیکس کی ریٹس 18 سے کم کرکے 5 فیصد پر لانے کی ضرورت ہے، طارق محمود

پنجاب ریونیو اتھارٹی اس تجربے کے ذریعے ریونیو میں کم از کم 5 گنا اضافہ کرکے دکھائے، سینئر ممبر بورڈ

لاہور (این این آئی) ٹیکس بار کے صدر محمد طارق محمود نے کہا ہے کہ سیلز ٹیکس کی ریٹس 18 سے کم کرکے 5 فیصد پر لانے کی ضرورت ہے۔ پنجاب ریونیو اتھارٹی اس تجربے کے ذریعے ریونیو میں کم از کم 5 گنا اضافہ کرکے دکھائے۔ سینئر ممبر بورڈ سینئر ممبر بورڈ چیئرمین چیف سیلز ٹیکس کمشنر، ریجنل ٹیکس آفیسرز، سیلز ٹیکس کی چوری اور ٹیکس کی ادائیگی کے طریقہ کار پر بریفنگ دی۔ ایسوسی ایشن آف بلڈرز اینڈ ڈویلپرز کے صدر

باقی صفحہ 62 نمبر

شفا حسین 8 روزہ دورے پر چین پہنچ گئے، چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنیوں سے ملیں گے

وزیر صنعت وتجارت وزیر اعلیٰ پنجاب کے ہمراہ سرمایہ کاری کانفرنس میں شرکت کریں گے

لاہور (این این آئی) صوبائی وزیر صنعت وتجارت چودری شافع حسین 8 روزہ دورے پر چین پہنچ گئے۔ وہ وزیر اعلیٰ پنجاب کے ساتھ سرمایہ کاری کانفرنس میں شرکت کریں گے اور چین کی بڑی سرمایہ کار کمپنیوں سے ملاقات کریں گے۔ صوبائی

باقی صفحہ 61 نمبر

لاہور گورنمنٹ ڈائریکٹر کالج برائے خواتین (ڈی جی) ماڈل ٹاؤن کی جانب سے گورنمنٹ ڈائریکٹر کالج برائے خواتین (ڈی جی) ماڈل ٹاؤن کے گراؤنڈ میں پوائنٹ کلب میں پوائنٹ ٹیسٹر کے فرق میں چیئرمین ڈی جی ماڈل ٹاؤن ڈاکٹر شاہد محمود، پرنسپل ڈاکٹر نائلہ سعود، وائس پرنسپل ڈاکٹر ثمینہ ظہور اور دیگر کالجوں کے کھلاڑیوں کے ہمراہ گروپ فوٹو

لاہور رسمیہ پنجاب کے بیشتر سرکاری اسپتال مفت ادویات اور ٹیسٹوں کی سہولت سے محروم

لاہور کے میو اسپتال، برمنگھم، جناح، جنرل اور دیگر اسپتالوں میں مفت علاج کیلئے آنیوالے غریب مریض رل گئے

گنگارام اسپتال کے آؤٹ میں 14 کروڑ کا گھپلا سامنے آیا، آؤٹ مکمل ہونے پر فنڈز نہیں کیے گئے، ذرائع

لاہور (این این آئی) لاہور رسمیت پنجاب بھر کے بیشتر سرکاری اسپتال مفت ادویات اور مفت ٹیسٹوں کی سہولت سے محروم ہو گئے، کئی مریض آپریشن اور علاج کے انتظار میں اسپتالوں میں

باقی صفحہ 43 نمبر

پی ٹی آئی اور حکومت میں آج مذاکرات شروع ہو سکتے ہیں، صاحبزادہ حامد رضا

فیض حمید کے خلاف چارج شیٹ اندرونی معاملہ، وہ جانیں اور ان کا نظام جانے

خلاف چارج شیٹ کو فوج کا اندرونی معاملہ قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ وہ جانیں اور ان کا نظام جانے، ہمارا مطالبہ ہے کہ دوسرے ملزمان کی طرح فیض حمید کے خلاف بھی کارروائی ہونی چاہیے

باقی صفحہ 44 نمبر

موٹر سائیکل لائسنس کے اجراء میں ریلیف کے 4 روز باقی رہ گئے

24 گھنٹوں میں 25 ہزار 800 سے زائد شہریوں نے لائسنسنگ سہولیات سے فائدہ اٹھایا

صوبہ بھر میں غیر لائسنس کے ڈرائیونگ کرنے والوں کے خلاف سخت کارروائی جاری ہے، ایڈیشنل آئی جی ٹریفک

لاہور (این این آئی) موٹر سائیکل لائسنس کے اجرا میں ریلیف کے